نمونہ

کتاب تذکیر و تانیث

الموسوم بہ

قران السعدین

جسمین

زبان اُردو کے جملہ الفاظ مشتملہ عربی، فارسی، ہندی، اسنسکرت و انگریزی کی تذکیر و تانیث جس سے ہر اُردو دان کو واقف ہونا ضروری ہے۔ ادب کی قدیم و جدید معتبر و مستند کُتب سے نہایت تجسُّس و تحقیق کے ساتھ استنباط کرکے درج کی گئی +

(اور)

آغاز کتاب مین تذکیر و تانیث کے جامع قواعد بطرز جدید وضع کرکے شرح و بسط کیساتھ لکھے گئے ہین

مُولفہٗ

راجہ راجیسور راو اصغر خلف راجہ مایت راو مہابلونت بہادر مصنّف و مترجم محبوب الاخلاق حدیقۃ الاخلاق۔ گلبن دانش۔ کشف الاسرار۔ ریاض دانش۔ گلزار دانش۔ ہدیۃ الملوک تاریخ جہانگیری۔ معالجات الکلب۔ انتخاب بہار دانش، تشریح الفرس۔ گنجینۃ الامثال کارنامہ۔ نجم اللغات۔ افسر اللغات۔ فرخندہ آفاق وغیرہ

سنہ ۱۹۱۱ع

مطبع اختر دکن واقع افضل گنج حیدرآباد دکن مین سید سجاد علی کی اہتمام سے طبع ہوئی

افسر اللغات

یہ ایک بے مثل اور نادر لغت ہے۔ جس مین انواع لغات عربی و فارسی۔ ترکی اور یونانی کی تشریح زبان اردو مین نہایت عمدگی سے کی گئی ہے جو کتب درسیہ متعارفہ و متداول مین مستعمل ہین۔ اسکا پیمانہ مثل انگریزی لغات کے (۳×۵) انچ ہے اور حجم (۱۲۲۶) صفحات سے زاید الفاظ تقریباً (۱۰،۳۹۰) ہین گو کہ اور بھی لغات ہین مگر یہ لغت سب سے زاید جامع ہے جس سے طلبا مدارس اور ہر ایک شایق کو بہ نسبت دیگر لغات کے بہت مدد مل سکتی ہے اور یہ

جشن چہل سالہ سالگرہ مبارک شاہ دکن خلد اللہ ملکہ و دولتہٗ

کی یادگار مین خاص طور پر شایع ہوا ہے اور اسکو ملک کے نامی گرامی اخبارات اور لایق تعلیم یافتہ اصحاب نے نہایت قیمتی اور عمدہ الفاظ مین ریویو کیا ہے۔ باوجود اس قدر ضخیم اور نہایت مفید اور پسندیدہ ہونے کے صرف پبلک کو فائدہ پہونچانے کی غرض سے

حیرت انگیز رعایت رکھی گئی ہے

یعنی اصل قیمت اسکی (للعہ) ہے مگر صرف چند روز کے لیے عہ مین دیجاتی ہے ہر حالت مین خرچہ ڈاک ذمہ خریدار ہوگا۔

پس چاہیے کہ

اسکی خریدی مین جلدی کرین چونکہ بالکل کم جلدین رہ گئی ہین ورنہ طبع ثانی کا انتظار کرنا پڑیگا۔ اور وہی اصل قیمت للعہ دینی ہوگی۔ یاد رہے کہ گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہین۔

پتہ

راجہ راجیسور راؤ۔ اصغر (اُما باغ) اسٹیشن روڈ۔ حیدرآباد دکن

بمونہ

کتاب تذکیر و تانیث

الموسوم بہ

قِران السّعدین

جسمیں

زبان اُردو کے جملہ الفاظ مشتملہ عربی، فارسی، ہندی، اسنسکرت و انگریزی کی تذکیر و تانیث جس سے ہر اُردو دان کو واقف ہونا ضروری ہے۔ اَدب کی قدیم و جدید معتبر و مستند کُتب سے نہایت تجسُّس و تحقیق کے ساتھ استنباط کرکے درج کی گئی +

(اور)

آغاز کتاب مین تذکیر و تانیث کے جامع قواعد بطرز جدید وضع کرکے شرح و بسط کیساتھ لکھے گئے ہین

مُولفہٗ

راجہ راجیسور راو اصغر خلف راجہ اُماپت راو مہابلونت بہادر مصنف و مترجم محبوب الاخلاق حدیقۃ الاخلاق۔ گلبن دانش۔ کشف الاسرار۔ ریاض دانش۔ گلزار دانش۔ بدیعۃ الملوک تاریخ جہانگیری۔ معالجات الکلب انتخاب بہار دانش، تشریح الفرس۔ گنجینۂ امثال کارنامہ۔ نجم اللغات۔ افسر اللغات۔ فرخندۂ آفاق وغیرہ

سنہ ۱۹۱۱ع

مطبع اختر دکن واقع افضل گنج حیدرآباد دکن مین سجاد علی کی اہتمام سے طبع ہوئی

طبع اوّل

۵۰۰ جلد

حامداً و مصلیاً

ساقی بنور بادہ برافروز جام ما
مطرب بگو کہ کار جہان شد بکام ما
(حافظؒ)

کسی قوم اور ملک نے اُس وقت تک ترقی نہین کی جبتک کہ اُسکی زبان نے بخوبی وسعت اور شائستگی حاصل نہین کرلی۔ یہ مقولہ نہایت صحیح ہے کہ (اگر کسی قوم کی تہذیب و تمدن کا پتہ لگانا مقصود ہو تو اُسکی زبان کا مطالعہ کرو) درحقیقت زبان ہی سارے خیالات کے اظہار کا ذریعہ اور تعلیم و تعلم کی اشاعت کا واحد آلہ ہے۔ لہذا لٹریچر کی خدمت قوم کی خدمت اور اس کی تہذیب و شائستگی قومی ترقی کا باعث ہے۔

لٹریچر کی خدمت باعتبار نوعیت دو شاخون مین تقسیم کیجاسکتی ہے۔

(ایک) یہ کہ ہر قسم کے علوم و فنون قدیم و جدید ملکی زبان مین لکھے جائین۔ سوشیل مارل خیالات اور اصول کتابون کی صورت مین ملک کے سامنے پیش کئے

جائین - ہر نوع کے تجارتی اور ملکی مضامین حیطۂ تحریر مین لائے جائین ۔ یہ حصہ جسقدر ضروری ہے اُسی قدر زبان کی وسعت کا باعث ہے ۔
(دوسری) شاخ زبان کی خدمت کی یہ ہے کہ لٹریچر یعنی علم معانی - بیان - لغات - قواعد صرف و نحو پر مبسوط کتابین لکھی جائین - اور زبان کی اہمیت وساخت پر غور و خوض کرکے ایسے صحیح، جامع اور آسان اصول مقرر کردئے جائین کہ غیر اہل زبان بھی کسی قسم کی غلطی نہ کرسکین - اور زبان کی فصاحت و بلاغت مین کوئی نقص نہ آنے پائے ۔
یہ امر مسلّمہ ہے کہ ہندوستان کی رائج الوقت عام زبان اوہر کوہ ہمالیہ کی چوٹی سے لیکر اُدھر راس کماری تک اور اِدھر سرحد خیبر سے لیکر اُدھر حدود آسام تک اُردو ہی اُردو ہے - اور بلاتامل یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ فی الحال اس ملک کی گویا لنگوا فرینکا اگر کوئی ہے تو وہ صرف یہی (اُردو) ہے اور باوجود کثرت مخالفت کے یہ زبان بڑی تیزی کے ساتھ اخبارات میگزین اور کتب کی صورت مین پھیل رہی ہے - علوم و فنون کے لحاظ سے دیکھا جائے تو جب بھی ایک معتدبہ حصہ اس مین آگیا ہے - اور روز بروز علمی ذخیرہ بڑھتا ہی جاتا ہے ۔
پس اگر کبھی محبان وطن کے حلقہ مین اتحاد زبان کے مسئلہ پر غور کیا جائیگا کہ ملک مین صرف ایک ہی زبان جاری کیجائے تو یورپ کی جدید زبان اسپرانٹو کا نمونہ پیش نظر رکھکر بلاکسی پس و پیش کے ہم پیشین گوئی کرتے ہین کہ یہی ہان ! یہی زبان (اُردو) اس کے لئے منتخب ہوسکتی ہے - کیونکہ وہ ملک

کے دو بڑے عناصر یعنی ہندو مسلمان کی مشترکہ زبان ہے اور بڑی وجہ یہ ہے کہ آسانی کے ساتھ ملک کے ہر گوشہ مین بولی اور سمجھی جاتی ہے ۔

بفضلہ آج کل یہ زبان جیسی کل اقطاع عالم مین پھیل گئی ہے جس کا ذکر اوپر آچکا ہے ویسے جامع و مانع قواعد مدون نہین ہوسے ہین۔ اسلیئے عموماً غلطیون کا واقع ہونا ایک امر اضطراری ہے خصوصاً تذکیر و تانیث کی حالت ناگفتہ بہ ہے ہنوز نہ کوئی اصول مقرر کیا گیا ہے اور نہ اہل زبان کا استعمال حیطۂ تحریر مین لایا گیا ہے ۔ تاکہ یہ رہبر کامل کا کام دے سکے ۔ یہی وجہ ہے کہ اس مین بکثرت اختلافات واقع ہوگئے ہین۔ چنانچہ متعدد الفاظ ایسے ہین کہ نہ صرف دیگر صوبجات مثلاً مدراس ، دکن مین بلکہ دہلی و لکھنؤ مین بھی مختلف ہین۔ اور لطف یہ کہ ہر ایک اپنے غلط استعمال کو ترک کرنے کے بجائے اس پر مُصر ہے ۔ ان مشکلات کو دیکھ کر یہ ضروری معلوم ہوا کہ تذکیر و تانیث کا ایک مکمّل و مفصّل رسالہ ترتیب دیکر شایع کرون۔

گو اس سے پہلے بھی اس موضوع پر چند کتابین لکھی جاچکی ہین جن مین محض چند الفاظ ہی جمع کرکے ان کی تذکیر و تانیث بتلائی گئی ہے ۔ مگر چونکہ اردو کے ذخیرے مین مختلف زبانون کے الفاظ تراجم کے ذریعہ آئے دن بڑھتے ہی جارہے ہین۔ اسلیے یہ چھوٹے چھوٹے رسالے کار آمد نہین ہوسکتے ہین۔ لہذا اس کمی کو پورا کرنے کے لیے مین نے بڑی تحقیق و تلاش سے کلام اردو کا استقراء کرکے کل الفاظ کی صحیح تذکیر و تانیث قایم کرنے مین کما ینبغی کوشش کی ہے خصوصاً وضع قواعد مین جو جانفشانی و جگر کاوی کی گئی ہے

اور اُن کے ٹھیک مبطلانے مین جو جو دقتین برداشت کی گئی ہین اس کا اندازہ یا تو وہ لوگ کر سکتے ہین جو اس قسم کا کام کر چکے ہین یا قدردان پبلک کی نکتہ بین و دقیقہ رس نظرین بخوبی کر سکتی ہین۔ خود مجھے تو پورا اطمینان ہے کہ یہ قواعد اور یہ کتاب ملک کے لیے نہایت نافع اور مفید ہوگی۔

گو پہلے میرا یہ خیال تھا کہ جس قدر مستند شعرا کے اشعار سنداً ل گئے ہین ان کو بھی ان الفاظ کے ساتھ درج کرؤن مگر پھر غور کرنے کے بعد فی الحال اس حصۂ نظم کو دو وجہ سے چندان ضروری نہین پایا۔

اوّل یہ کہ جب مین نے مستند ذرایع اور صحیح ماخذ سے کام لیا ہے تو اسپر اعتماد نہ کرنے کی کوئی وجہ نہین ہے۔ علاوہ ازین اشعار کے درج کرنے سے نہ صرف یہ کتاب ضخیم ہی ہو جاتی ہے بلکہ ضخامت کے باعث قیمت بھی لازماً گران پڑ جاتی ہے۔ جسکا لازمی نتیجہ یہ ہوتا کہ کتاب ہر کس و ناکس کے لیے اس قدر سہل الحصول نہ ہوتی۔ با این ہمہ اس طول عمل سے کوئی مزید فائدہ بھی مترتب نہین ہوتا۔

ثانی یہ کہ کتاب ہذا کو پبلک کے سامنے بدین شکل و ہیئت پیش کرنے مین میرے مقاصد اصلی یہ بھی رہے ہین کہ عموماً اختلافات اور خصوصاً میرے جدید قواعد کے متعلق جو بالکل فلسفۂ زبان کے لحاظ سے وضع کیے گئے ہین اور تقریباً سب کے سب نظائر و امثال سے مستند و مُدلّل ہین، عام طور پر نکتہ چینیان اور بحث و مباحث ہو کر کوئی قول فیصل ہو جاتے اور ازان بعد ایک مبسوط کتاب مع نظائر بشرط ضرورت ناظرین کے ملاحظہ مین پیش کرون۔

چنانچہ اس کے لیے بہت ہی محنت اور کثرت دواوین کے مطالعہ کے بعد تمام و کمال مروجہ الفاظ اردو کے تقریباً کل نظائر جمع کر لیے گئے ہین- یہ مجموعہ حسب تفصیل ذیل مرتب ہوگا- اور اسکا نام (مَجمعُ البحرَین) رکھا جائیگا-

کمند- ف- پھندا- حلقہ- مونث- اسیر ؎ ہزار کوس ہو محبوب دوڑ کر آئے ✤ عجیب جذب کمند خیال رکھتی ہے ✤ اور قبل از وقت یہ کہدینا بیجا نہ ہوگا کہ اردو کے متعلق ایک ضخیم لغت صرف اسما کا ایسا تیار ہوگا کہ اپنے اسلاف سے ہر حیثیت مین کامل و برتر ہوگا- جسکے ہوتے ہوئے آیندہ اس موضوع پر کسی اور کتاب کی ترتیب دینے کی ضرورت ہی باقی نہ رہے گی-

آخر مین ناظرین باتمکین سے استدعا ہے کہ اگر آپکی جانب سے قبول عام کی سند اس کتاب کو عطا ہوگی تو وہ میرے لیئے مزید حوصلہ افزائی کا باعث ہوگا اور میرا مقصود اصلی تالیف کتب سے محض یہی ہے کہ ملک میری خدمت سے مستفید ہو مجھے روپیہ پیدا کرنا مقصود نہین ہے اور لفضلہ نہ اُسکی حاجت ہے- نیز توقع ہے کہ اگر کچھ غلطیان اس کتاب مین میرے یا کاتب کی وجہ سے رہگئی ہون تو مطلع کرین تاکہ پیش ہونے والی کتاب مین اُس کی اصلاح کردون جس سے نہ صرف یہ نیازمند ممنون ہوگا بلکہ ملک بھی ایک نادر اور مکمل کتاب دیکھکر آپکا جو ہوگا ہمیشہ مرہون احسان رہیگا- ؎

حافظ بخود نپوشید این خرقہ مے آلود ✤ اے شیخ پاکدامن معذور دار مارا

(بیان طرز ترتیب کتاب ہذا)

ف ۱ - جملہ الفاظ بلحاظ حروف تہجی بموجب طریقۂ مروجۂ حال مسلسل قایم کیے گئے ہین تاکہ تلاش الفاظ مین دقت واقع نہ ہو۔

ف ۲ - جملہ زبان کے وہ الفاظ جو اردو مین مستعمل ہین اگر اُن مین تلفظ کسی قدر بھی متبائن و متغائر ہے تو مکرر لکھے گئے ہین۔ اور وہ الفاظ جو تلفظ مین متفق ہین صرف ایک ہی لفظ لکھا گیا ہے۔ تاکہ طوالت نہ ہو۔

ف ۳ - اگر کوئی لفظ بلحاظ زبان مختلف معنون مین مستعمل ہے اور اُسکی تذکیر و تانیث مین کوئی فرق نہین ہے تو اُس قسم کے الفاظ کے ساتھہ بہر معنی لکھکر اُسکی تذکیر و تانیث بتلائی گئی ہے۔ نیز کہین کہین حسب ضرورت معنی بھی لکھے گئے ہین۔

ف ۴ - جملہ الفاظ پر حتی الوسع صحیح حرکات لگانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ تلفظ مین غلطی واقع نہ ہو۔ اور معنی کے سمجھنے مین آسانی ہو۔

ف ۵ - اگر کسی لفظ مین خواہ بخیال تلفظ خواہ بلحاظ معنی تذکیر و تانیث مین اختلاف واقع ہوا ہے تو وہ لفظ مکرر لکھا گیا ہے۔

ف ۶ - وہ الفاظ جو مذکر و مونث دونون طرح مستعمل ہین۔ یا لکھنؤ مین مذکر اور دہلی مین مونث یا اس کے برعکس ہین اُن پر (ف) یہ علامت بناکر حاشیہ پر بغرض تفہیم صرف لفظ "مختلف فیہ" درج کیا گیا ہے۔ اور الفاظ کے ساتھہ تذکیر یا تانیث مین سے جسکو ترجیح ہے یا ترجیح دنیا انسب ہے

وہ قایم کیا گیا ہے تاکہ آیندہ مروجہ الفاظ کے ساتھہ مختلف فیہ کا دُم چھلا ہی باقی نہ رہے اور کل ممالک مین ایک ہی طرح بولے جائین -

ف - وہ جملہ الفاظ جن کے آخر مین (الف) اور (ی) معروف واقع ہین - چھوڑ دئے گئے ہین - کیونکہ بقاعدۂ عام (الف) علامت تذکیر اور (ی) علامت تانیث کی ہے - مگر وہ تمام الفاظ جو اس قاعدہ کے برعکس ہین - مثلاً دُعا - سزا - پانی - موتی وغیرہ لکھے جا چکے ہین - فقط

راقم - احقر - راجیسور راؤ - اصغر

(اُما باغ) اسٹیشن روڈ - حیدرآباد دکن

تمہید

تذکیر (نر ہونا) ذکر بمعنی نر سے مشتق ہے اور تانیث (مادہ ہونا) اُنثے بمعنی مادہ سے ماخوذ ہے۔ یہ دونوں عربی کے مصدر تفعیل ہین ان ہی دونون مصادر سے مذکر اور مونث اسمار مفعول کے صیغے مشتق ہین۔ اِصطلاح صرف مین نر کے نام کو مذکر اور مادہ کے نام کو مونث کہتے ہین۔ ذیروح (جانداروں) کی تذکیر و تانیث **حقیقی** کہلاتی ہے۔ کیونکہ ان مین نر کے مقابل مادہ اور مادہ کے مقابل نر ہوتا ہے۔ مثلاً مرد۔ عورت۔ گھوڑا گھوڑی وغیرہ اور بے جانداروں کی تذکیر و تانیث **غیر حقیقی** کہلاتی ہے کیونکہ ان کا نر و مادہ ہونا محض ایک امر فرضی ہے مثلاً محل۔ حویلی۔ اول الذکر کا مذکر اور آخرالذکر کا مونث ہونا فرض کرلیا گیا ہے نہ کہ ان مین فی الواقع نر و مادہ ہونے کی صلاحیت ہے لہذا جاندار نر و مادہ کے نامون کو مذکر و مونث **حقیقی** اور بے جاندارون کے نامون کو جن کا نر و مادہ ہونا محض ایک امر اعتباری ہے۔ مذکر و مونث **غیر حقیقی** کہتے ہین۔

جن اسما کی تذکیر و تانیث کا کوئی قاعدہ مقرر ہو وہ مذکر و مونث **قیاسی** اور جنکے لیے کوئی قاعدہ مقرر نہ ہو وہ مذکر و مونث **سماعی** کہلاتے ہین

انتباہ۔ مولانا سید مجتبیٰ احمد صاحب (نبیرہ مولوی سید علی احمد صاحب مرحوم سابق میر منشی ریاست ٹونک) کی راے ہے کہ مذکر و مونث حقیقی کو قیاسی اور مذکر و مونث غیر حقیقی کو سماعی کہنا چاہیئے۔

جو لفظ ایک ہی معنی مین مذکر و مونث مستعمل ہوتا ہے اُسکو **مختلف فیہ**[1] کہتے ہین۔

---

[1] قواعد عربی کی رو سے بلحاظ تطبیق ضمیر مختلف فیہ کا اطلاق صرف اسم واحد پر ہونا چاہیئے

ایک ہی معنی کی قید اسلیے لگائی گئی ہے کہ بعض الفاظ ایک معنی کے لحاظ سے مذکر اور دوسرے معنی کے لحاظ سے مونث کہلاتے ہین تاہم اُنکو مختلف فیہ نہین کہہ سکتے ہین۔ مثلاً کان (گوش) لب (ہونٹ) بال (مو) قلم (خامہ) ان معنون مین مذکر بولے جاتے ہین برخلاف کان (معدن) لب (موچھہ) بال (خوشہ) اور قلم (کرسٹل جیسے شورے کی قلمین) ان معنون مین مونث مستعمل ہین۔

عام قواعد

تذکیر و تانیثِ حقیقی کی شناخت کی صورتین حسب ذیل ہین

(۱) نر کے لیے ایک لفظ اور مادہ کے لیے اُسکے مقابل اور لفظ

مذکر	مونث	مذکر	مونث
مرد	عورت، زن	بھائی	بہن
ابا	امان	برادر	بھاوج
باوا	مان	بہیا (بھائی تصغیر بالمحبت)	خواہر
باپ	مادر		ہمشیر
پدر	میا (مان کی تصغیر بالتحقیر)		بہنا (بہن کی تصغیر بالمحبت)

بقیہ نوٹ صفحہ ۱- اور تثنیہ و جمع مین مختلف فیہما اور مختلف فیہم کہنا صحیح ہے مگر اُردو مین واحد و تثنیہ و جمع تینون کے لیے وہی مختلف فیہ کہتے ہین مثلاً ایک لفظ کے لیے کہتے ہین یہ ملک مختلف فیہ ہے دو یا زیادہ کے لیے کہتے ہین۔ اپیل و ایجاد مختلف فیہ (بجاے مختلف فیہما) اور اعتنا۔ اِکتفا اور ترشح مختلف فیہ (بجاے مختلف فیہم) ہین۔ ہم نے بھی فی الحال اردو کی تقلید کی ہے۔

———۰۰———

مذکر	مونث
میان شوہر خصم	بیوی زن جورو
دولھا نوشہ	دلہن عروس
خُسر سُسرا	خوشدامن ساس
داماد	بہو
شاہ بادشاہ نواب	شاہ بانو بادشاہ بیگم ۔ بیگم بیگم
صاحب	میم
راجہ راے	رانی
غلام	لونڈی
بندہ	کنیز
دیو	پری
خواجہ	خاتون

مذکر	مونث
بیگ	بیگم
خان	خانم
خالو	خالہ
عمّو	عمّہ
گاے	بیل
گھوڑا	مادیان

(۲) لفظ نر اور مادہ کی ترکیب سے۔

مذکر	مونث
شیر نر	شیر مادہ
شُتر نر	شُتر مادہ
فرزند نرینہ	فرزند مادینہ

(۳) عربی الفاظ مین تاے تانیث سے۔

مذکر	مونث
خادم	خادمہ
مَلِک	ملکہ
شاعر	شاعرہ
	قابلہ (اسکا مذکر مستعمل نہین)
عاقل	عاقلہ
بالغ	بالغہ

(۴) مذکر کے آخر مین الف و ہاے مختفی

مونث مین یاے معروف ۔

مذکر	مونث
بھٹیارا	بھٹیاری
لڑکا	لڑکی
بچہ	بچی
بندہ	بندی

(۵) مذکر مین الف مونث مین نون ۔

مذکر	مونث
سقّا	سقّن
دُلہا	دُلہن

(۶) مذکر مین یاے معروف اور مونث مین نون

مذکر	مونث
ورزی	وَرزَن
موچی	موچن
دھوبی	دھوبن
تیلی	تیلن
حلوائی	حلوائن
بھنگی	بھنگن
پارسی	پارسن
فرنگی	فرنگن
نائی	نائن

مذکر	مونث
ساقی	ساقن
مولوی	مولون
حاجی	حجّن
بھائی	بہن

مگر اس سے ناگ ۔ ناگن ۔ بلوچ ۔ بلوچن مستثنیٰ ہین ۔

(۷) مذکر کے آخر مین رائے مہملہ مونث مین یاے معروف ونی

مذکر	مونث
چمار	چماری
لُہار[1]	لہاری
سُنار	سُناری
کمہار	کمہاری
کہار	کہاری
حلال خور	حلال خوری
شیر	شیرنی
سُور	سُورنی
مور	مورنی

[1] لُہارن ۔ کمہارن ۔ سنارن بھی مستعمل ہے مگر سُناری ۔ کمہاری ۔ لُہاری ہی فصیح ہے ۔

مذکر	مونث
بازیگر	بازیگرنی

(۸) مذکر مین نون مونث مین یاے معروف و نی کی زیادتی ہوتی ہے۔

مذکر	مونث
برہمن	برہمنی
پٹھان	پٹھانی
مسلمان	مسلمانی

(۹) کبھی مذکر مین رائے معجمہ اور مونث مین نون ساکن زیادہ ہوتا ہے۔

مذکر	مونث
انگریز	انگریزن
رنگریز	رنگریزن

(۱۰) بعض مذکر کے آخر مین علامت مونث نی اور آنی آتی ہے۔

مذکر	مونث
استاد	اُستانی
سید	سیدانی
شیخ	شیخانی
مغل	مغلانی
ہندو	ہندوانی[1]

(۱۱) بعض اَسمار مذکر کے آخر علامت تانیث نی ہوتی ہے۔

مذکر	مونث
ڈوم	ڈومنی
نٹ	نٹنی
اونٹ	اونٹنی
ہاتھی	ہتھنی

(۱۲) بعض مذکر اسما کے آخر (یا) علامت مونث ہوتی ہے۔

مذکر	مونث
کتا	کتیا
چڑا	چڑیا
بندر	بندریا

(۱۳) بعض جانورونکو خواہ مذکر ہون یا مونث (عام طور پر مذکر) ہی کہتے ہین۔ مثلاً کوّا۔ اُلو۔ گدہا۔ مگر مچھہ۔ مچھر۔ کھٹمل وغیرہم مگر اُلو۔ سے اُلن صرف انسان کے لیے بولتے ہین

(۱۴) بعض بلا امتیاز دو نون جنسون مین مونث

[1] بعض قواعد نویسون نے ہندنی بھی لکھا ہے مگر فصیح نہین۔

ہی کہلاتے ہین - مثلاً- مچھلی - چیل - فاختہ - مینا - لومڑی اور بعض مختلف فیہ یعنی مذکر و مونث دونون طرح بولے جاتے ہین مثلاً بُلبُل - طوطی - اگر بُلبُل کی تانیث اور طوطی کی تذکیر کو ترجیح ہے -

(۱۵) بعض جانورونکے نام گو اُن مین نر و مادہ موجود ہین مگر جب تک مخصوصیت کیساتھ ذکر نہ کیا جاے بعض مذکر اور بعض مونث بولے جاتے ہین جیسے ہاتھی - گھوڑا - اُونٹ شیر - کُتا وغیرہ مذکر اور بلی - بکری - بھینس وغیرہ مونث بولے جاتے ہین -

مذکر و مونث غیر حقیقی کی شناخت کے عام قواعد

(۱) **الف** اور ہاے مختفی علامت مذکر ہے - مثلاً باجا سونا - دریا - ڈنڈا - گٹھا - لٹھا ڈھیلا - میلا - روپیہ - پیسہ - چندہ - تختہ - پردہ - رتبہ - سجدہ - مُقابلہ - مناظرہ مگر چند لفظ مستثنیٰ ہین مثلاً ہنڈیا - گھٹا - چھالیا (سپاری) دُعا قضا - مرتبہ - دفعہ وغیرہم

(۲) **یاے** معروف اور تاے **قرشت** علامتِ مونث ہے مثلاً لکڑی - پنکھڑی سیاہی - سفیدی - چینی - آزردگی - شرمندگی - اور عزت - رُخصت - برداشت - برخاست مستثنیٰ پانی - موتی - گھی - جی - دہی[۱] - شربت - حضرت وغیرہم -

انتباہ - جن اسمار کے آخر الف وہاے مختفی علامت مذکر ہو اور وہ مونث ہون اور جن اسمار کے آخر یاے معروف وتاے قرشت علامت تانیث ہو اور وہ مذکر ہون اس قسم کے سب الفاظ کی تذکیر و تانیث اصل کتاب مین بیان کی گئی ہے -

اسماے اصوات

اسمار اصوات یعنی آواز کے نام بجز چند کے سب مونث ہوتے ہین - خواہ اُردو فارسی

---

[۱] دہی کو بعض مونث ہی لکھتے ہین مگر ترجیح مذکر کو ہے -

ہون یا عربی :-

(۱) جاندارون کی آوازین مثلاً پپیہے کی ہوک، کویل کی کوک، مور کی جھنکار، ہاتھی کی چنگھاڑ علیٰ ہٰذا القیاس میاؤن میاؤن (فارسی مومو) غوغو، صفیر، غون غون۔ بھون بھون، قان قان وغیرہ وغیرہ ؎

کویل کی ہے کوک جی لبھاتی + گویا کہ ہے دل مین بیٹھی جاتی (حالی)

(۲) بے جانون کی آوازین مثلاً سائین سائین، سڑاسڑ، پٹ پٹ، کھچر کھچر۔ کھٹ کھٹ، چھم چھم، پھُر پھُر۔ قلقل، قاہ قاہ، دھون دھون، فرفر وغیرہ وغیرہ ؎

ہجر مین ہم کو قلقل مینا + صورتِ گریہ در گلو ہوگی (امانت)

؎ کان مین جب مرے نالے کی کڑک جاتی ہے + ابر مین رعد کی چھاتی سی دھڑک جاتی ہے (ظفر)

(۳) جانورون کے بلانے یا ہانکنے کی آوازین مثلاً توتو، دھت دھت، بری بری

مستثنیات وہ اسمارِ صوت جس کے آخر -

(۱) الف ہو مثلاً دھماکا۔ کڑاکا، سناٹا، سڑاپا، فراٹا ؎

کرتے ہین جب اِن حوادث کے نظرِ انجام پر + قوم مین اک ہمکو سناٹا سا آتا ہے نظر (حالی)

(۲) آخر ہائے مختفی ہو، مثلاً قہقہہ، نغمہ ؎

ہنسی کے ساتھ یان رونا ہے مثلِ قلقل مینا + کسی نے قہقہہ اے بے خبر مارا تو کیا مارا (ذوق)

انتباہ :- ہماری سمجھ مین نہین آتا کہ جناب جلال نے آغون کو، جو شیر خوار بچون کے بہلانے کا ایک کلمہ ہے (مشہور فقرہ، آغون غُٹے دودھ پیکر ہوے مُٹے) کسطرح مذکر لکھدیا؟ حالانکہ اسم صوت کا مونث ہونا جناب ممدوح کو تسلیم ہے، خصوصاً جب کہ اسکی تانیث کی تائید مین غون غون، چون چون، دھون دھون وغیرہ الفاظ کثرت سے موجود ہین۔

قواعد ہندی

(۱)
افعال ناقصہ کی تذکیر و تانیث

جملہ اسمیہ مین افعال ناقصہ کی تذکیر و تانیث کا کوئی قاعدہ مقرر نہین، کبھی اسم کے لحاظ سے ہوتی ہے، کبھی خبر کی رعایت سے، مگر ہیچمیرز اصغر کی راے مین مناسب اسم ہی کے موافق ہے۔

(۱) امثال مندرجۂ ذیل مین افعال ناقصہ کی تذکیر و تانیث اسم کی رعایت سے لائی گئی ہے۔

(۱) زبان اردو ابتدا مین کچا سوت تھی (آب حیات دور سوم کی تمہید) زبان اسم اور مونث ہے اسلیئے (تھی) کہا۔

(۲) ذوق۔ ع ظلمت عصیان سے میری، بن گیا شب روز حشر + یعنی روز حشر شب بنگیا۔ یہان روز حشر اسم ہے اور شب خبر اسم کی رعایت سے (بنگیا) کہا۔

(۳) خلفا فقط دارالسلام بغداد مین تبرک بنکر رہ گئے۔ یہان خلفا اسم اور جمع مذکر ہے، اسلیئے (رہ گئے) فعل بھی جمع مذکر لایا گیا۔ تبرک کا، جو خبر اور واحد مذکر ہے، لحاظ نہین کیا گیا۔

(۴) ؎ قلق اور دل مین سوا ہو گیا + دلاسا تمہارا بلا ہو گیا
سمجھتے تھے جس غم کو ہم جانگزا + وہ غم رفتہ رفتہ غذا ہو گیا (حالی)

(ب) اور ان امثال مین خبر کی رعایت سے تذکیر و تانیث آئی ہے۔

(۱) ع آنکھ کی پتلی جو تھی، جادو کا پتلا ہو گیا۔

یہاں پہلی اسم اور پتلا خبر ہے، خبر کے لحاظ سے (ہوگیا) لکھا گیا

(۲) فقرہ نامور شعرا کا ذکر بھی یہی صحبت تھی۔

(۳) ذوق سہ دریائے غم سے پار اُترنے کے واسطے + تیغ خمیدہ یار کی لوہے کا پُل ہوا۔

(۴) ناسخ سہ ہجر میں ہر شعاعِ شمس مجھے + ہوگیا ہے خدنگ سونے کا۔

(۵) نظیر سہ اِدھر تو قرض ہوا اور اُدھر نہ آیا یار + پکائی کھیر تھی قسمت سے ہوگیا دلیا۔
(یعنی کھیر دلیا ہوگئی)

(۲)

افعال کی تذکیر و تانیث

کُل افعال خواہ وہ متعدی ہوں یا لازم، کی تذکیر و تانیث اکثر فاعل ہی کی رعایت سے آتی ہے مثلاً جمیل پڑھتا ہے، برق[1] لکھ رہی ہے، شعار احمد اپنا سبق پڑھا کرتا ہے، مکان غرق آب ہوگیا، رکابی ٹوٹ گئی۔

انیس ع سمجھاتی نہیں بھائی کو اے شاہ کی ہمشیر - ع جیتی رہی صغرا تو نہ بھولیگی یہ احسان
ع دولت مری لٹتی ہے اُجڑتا ہے مرا گھر

ناظم سہ میں نے دیکھا کہ جہاز تنگ بھری کچھ تو ہوا   آب رفتہ طرف نہر پھرا شکرِ خدا

داغ سہ آئی ہے کیا میری شامت آئی ہے کیا میری موت + میں کروں اظہارِ دردِ غم تمہارے سامنے

انیس - ع کہتی تھی یہ گھبرائی ہوئی زوجۂ عباس ع کہتی تھی بیٹے کے سر زینب بمنظر کھڑے ہیں + سید سہ ہم بھی تو ہلا دیتے پکڑ زلف کو اسکی + کاش ہمکو بناتا یہ فلک شانہ کسی کا

استعمال نے (علامت فاعل)

---

[1] ایک شاعرہ کا تخلص۔

مگر افعال متعدی معروف کی چار ماضیون یعنی مُطلق - قریب - بعید (احتمالی یا شکی بہ شرطیکہ اسکے آخر مصدر ہونا کا کوئی صیغہ موجود ہو) مین جہان حرفِ ستنے کا لانا واجب ہے مفعول کے لحاظ سے تذکیر و تانیث ہوتی ہے مثلاً

انیس ؎ آقا نے دی جو اپنے سر پاک کی قسم + بس تھرتھرا کے رہ گیا وہ صاحب کرم

امیر ؎ ع حصّہ ہر ایک آنکھ نے پایا ہے نور کا ظفر ع کچھ کچھ بھر دیے ہین عشق نے دل مین غم و حسرت - ذوق ؎

بات تو ہم نے بنائی تھی وہان خوب مگر + تھی جو بگڑی ہوئی قسمت تو بنی خوب نہین

نسیم ؎ خالق نے دیے تھے چار فرزند + دانا - عاقل - ذکی - خردمند -

داغ - ع - کسی کافر نے دکھایا نہ ہوا ابرو اپنا - ع کبھو تم نے بھی شور نالون کا سنا ہوگا -

آتش ؎ تری زلفون نے بل کھایا تو ہوتا + ذرا سنبل کو لہرایا تو ہوتا -

مستثنیات :- افعال مندرجۂ ذیل کی چارون ماضیون مین باوجود متعدی ہونے کے حرف ستنے مستعل نہین ہوتا - اسلیئے ان کی تذکیر و تانیث بھی فاعل ہی کے لحاظ سے ہوتی ہے -

(۱) بولنا (۲) بھولنا (۳) لانا (یہ اصل مین لے آنا ہے) (۴) ہارنا -
(۵) جیتنا (۶) سمجھنا (۷) پکارنا (۸) سیکھنا (۹) پڑھنا (۱۰) سوچنا -

اِنتباہ - نمبر (۱) (۲) (۳) مین اہل دہلی و اہل لکھنؤ دونون کا اتفاق ہے - مگر باقی (۷) نمبرون کی نسبت یہ کہا جاسکتا ہے کہ اکثر اہل لکھنؤ اِنکے ساتھ (نے) کا استعمال خلاف فصاحت سمجھتے ہین اور اہل دہلی کے کلام مین برابر اسکا استعمال پایا جاتا ہے اِلّا ماشاء اللہ -

امثال :-

(۱) انیس ؎ بولی یہ سکینہ کہ چچی تم سے کہون کیا + روتے مین کمر پکڑے ہوے ہاتھون سے بابا

انیس ؎ تیغ و سپر کو پھینک کے بولا وہ نامور + کہ دیجیے اُن سے کاٹ کے لیجائیں میرا سر

(۲) آتش ع۔ خدا کی یاد بھولا شیخ بُت سے برہمن بگڑا۔ انیس ع مین جاہیں بھی بھولی ہون یہ حمو کا قلق ہے۔

(۳) انیس ع اب نہین جینے کے عمر اتنی ہی یہ لائے تھے۔ ع اکبر علم کو خیمے اندر جھکا کے لائے۔

(۴) رنگین ع۔ وصل کی اب تو زبان اس سے مین ہاری آتا ؎ مولانا حالی۔

ہے جشن فتح پھر آج چغتائیون مین برپا + اقبال نے ہے گویا مغلون سے قول ہارا

نسیم لکھنؤ ؎ پانسے کی بدی ہے آشکارا + راجۂ نل سلطنت ہے ہارا

(۵) مومن ؎ عدو کی عشق بازی آشکارا + غرض سچ ہے کہ تم جیتے مین ہارا

(۶) غالب ؎ نہ وہ سمجھے ہین نہ وہ سمجھین گے مری بات۔

فقرہ۔ آخر لڑکے ہو، بات کو نہین سمجھے (اردوے معلّی)

شوق ؎ سب کو دیدۂ دلیل سمجھا ہے + کیا ملاقات کھیل سمجھا ہے۔

ذوق ع دل شکستہ مگر یار نے سمجھا ہمکو۔

داغ ؎ ابھی تو کھیل سمجھے ہو مگر اک دن دکھا دین گے + قیامت اسکو کہتے ہین قیامت ایسی ہوتی ہے۔

(۷) انیس ؎ کرسی سے جلد اُٹھ کے پکارے شہ انام + بھیا ہمارے سر کی قسم روک لو حسام

" ع۔ سنکر یہ سخن بانوے ناشاد پکاری۔

(۸) داغ۔ ع سیکھے ترے چلن، روش روزگار نے۔

" ع۔ یہ سیکھا ہے تو اشک غماز کس سے؟

غالب۔ ع سیکھے ہین مہ رخون کے لیئے ہم مصوری۔

درد۔ ؎ دل بھی ترے ہی ڈھنگ سیکھا ہے + آن مین کچھ ہے آن مین کچھ ہے۔

(۹) آتش - ع خطبہ بلبل نے پڑھا تیری بہار حسن کا۔
مولانا نذیر احمد - ع - یان پہ سبق کوئی متنفس پڑھا نہین۔
فقرہ - کیا کو دون دیکھے پڑے ہو -!

(۱۰) فقرہ - تم نے بہت اچھی تدبیر سوچی ہے۔
فقرہ - مین سوچا کہ تم نانک سے چلے گئے ہوگے (مولوی مجتبیٰ احمد صاحب ٹونکی)
میر انیس ؎ کیا جانے دلمین سوچے تھے کیا شاہ کربلا + مقتل مین کھینچکر انہین ڈالی تھی تعنا
انتباہ - بعض شعرا فعل نکالنا کے ساتھ بھی نے کا استعمال نہین کرتے ؎ شیرین۔
کب کہا مین نے کہ مجسا نہین دنیا مین کوئی + آپ بلے وجہ نکالے ہین مری ذاتین شاخ
ع - جیتے جی تو نہ نکالا کبھی حسرت میری (لا اعلم)
نسیم ؎ سن کے قیدی کی زار نالی + زنجیر کے پیچ سے نکالی - مگر یہ درست نہین۔
انیس ع - مین نے تو کوئی بات نہین منہ سے نکالی۔
وزیر - ع تو پھر شاخ غزالان مین بھی شاخ اسنے نکالی ہے۔
(ب) دکھائی دینا - سجھائی دینا، سجھائی دینا، اڑنے نہ پانا وغیرہ اگرچہ متعدی ہین
مگر معناً لازم ہین اسلئے انکے ساتھ نے کا استعمال جائز نہین۔
فقرہ - دور سے ایک جہاز دکھائی دیا (تاریخ عرب مترجمہ مولوی مجتبیٰ احمد صاحب ٹونکی)
غالب ؎ پنہان تھا دام سخت قریب آشیان کے + اڑنے نہ پائے تھے کہ گرفتار
ہم ہوئے۔
(ج) دیکھا کیا، مارا کیا، لکھا کیا وغیرہ کے ساتھ بھی جو اظہار استمرار کے لیے ترکیب
دیئے جاتے ہین - حرف نے مستعمل نہین ہے مثلاً تم بیٹھے دیکھا کئے، یہ نہ کہین گے
(تم نے بیٹھے دیکھا کئے)۔
مرکب افعال مین فعل آخر کے لحاظ سے نے کا استعمال ہوتا ہے، یعنی اگر دوسرا فعل متعدی

ہو، تو (نے) کا لانا ضرور ہے ورنہ نہین:۔
فقرہ۔ فوج نے صبح سے پہلے دشمن کو جالیا۔
ع۔ کہ گئے ہین اہل دل دَعْ مَاکَدِرْ خُذْ مَاصَفَا۔
نظیر۔ ع۔ صبح جب بول اُٹھا مُرغِ سحر ککڑون کون۔
مومن۔ ع۔ کھو سے گئے ہم ایسے کہ اغیار پا گئے۔
فقرہ۔ مین کتاب دیکھ چکا (یون نہ کہین گے، مین نے کتاب دیکھ چکی)
فقرہ۔ زید کچھ نہ کر سکا۔
مگر رو دینا، ہنس دینا وغیرہ باوجودیکہ دوسرا فعل متعدی ہے، اسپر بھی اکثر اصحاب اسکے ساتھ نے کا استعمال نہین کرتے، مثلاً کلیم یہ سنکر رو دیا (توبۃ النصوح) مگر قدما کے کلام مین برابر پایا جاتا ہے مثلاً ملکہ نے رو دیا (فسانۂ عجائب) **میر خلیق** ؎

ہنس دیا یار نے جورات خلیق + کھا کے ٹھوکر اس آستان سے گرا

ف۔ جملہ جب مفعول واقع ہوتا ہے تو فعل ہر حالت مین واحد مذکر ہوتا ہے:۔
انیس ؎ شہ نے کہا "بند ہین راہین سید ابرار" + پھیلی ہوئی ہے چار طرف فوجِ نابکار۔
نواب میرزا شوق ؎ کہا گر کسی نے "کہ بیوی چلو" + تو اُٹھنا اِسے کہ کہاں جی چلو۔
میر حسن ؎ رہی کوئی انگلی کو دانتون مین داب + کسی نے کہا یہ ہوا گھر خراب۔
فقرہ۔ اندر جاکے دیکھا تو بیچ بیچ مرتبان کو ٹا ہوا ہے!!
ف۲ بعض اصحاب قُمْ بِاِذْنِی، خُذْ مَاصَفَا وَدَعْ مَاکَدِرْ وغیرہ کو مونث لکھتے ہین مگر یہ اُن کی محض غلطی ہے کیونکہ یہ جملے ہین اور جملے کسی طرح مونث نہین ہو سکتے بلکہ ہمیشہ واحد مذکر کے حکم مین ہوتے ہین۔ مثلاً جب منصور نے قُمْ بِاِذْنِی کہا تو علما نے انکو دار پر چڑھا دیا۔ علیٰ ہذا جب علامت فاعل نے اور علامت مفعول کو یا سے مجہول وغیرہ موجود ہو تو اُس وقت بھی ہر حالت مین فعل واحد مذکر مستعمل ہوگا مثلاً مین نے کتاب کو دیکھ لیا۔ مین نے

اسے لکھا ہے - وہ کتاب جسے آپ نے مطالعہ کیا تھا، موجود نہیں ہے -

ف ۳ - متقدمین علامتِ فاعل یعنی سنے کو کبھی مقدر کرتے تھے، گو اس کا اثر افعال مین باقی رہتا تھا - مگر آجکل جائز نہیں - سودا ۵ اے گل صبا کی طرح پھرے اس چمن مین ہم + پائی نہ بو وفا کی ترے پیرہن مین ہم - یعنی ہم نے تیرے پیرہن مین وفا کی بو نہین پائی -

حاصل مصدر ہندی

قیاسی (۱) - امر - مونث مثلاً اینٹھ - بانٹ - بوجھ، پرکھ - بگار - پکڑ، بھڑک پہنچ - پھوٹ - پھونک، ٹال، ٹٹول، ٹیک - جانچ - جھپک، جھپٹ، جھجک، داب، ڈانک، رگڑ، سمجھ کاٹ (عداوت) کرید، لاگ، لتاڑ، لٹک، پہچان، مڑوڑ، ہار جیت، لچک - لپک، ڈلک، کھٹک، دوڑ، سکوڑ، بچھوڑ وغیرہ

جلال - ع - میری ترقیوں سے نے ہی میری ہی کاٹ کی -

مستثنیات : اُبال ۵۱ - اُتار ۵۲ - بچار ۵۳ - بدل ۵۴ - بگاڑ ۵۵ - بگھار ۵۶ - بول ۵۷ - پھیر ۵۸ - توڑ ۵۹ جوڑ ۶۰ - کاٹ ۶۱ (تراشش) بچوڑ ۶۲ - موڑ ۶۳ مذکر ہین -

۵۱ بڑھا ہے جوشِ جنون دلمین سر مرا کا ٹو + اٹھالو دیگ سے سر پوش اب ابال آیا (منیر)

۵۲ ترقیون پہ ہے ہردم اُبھار سینے کا + کمر اٹھائیگی کسطرح بار سینے کا - (اختر)

۵۳ یہی وظیفہ ہے رندات محکو مستی مین + چڑھاؤن جام کوئی نشہ کا اُتار آیا (ناسخ)

۵۴ فقرہ - تم نے بچار نہین کیا -

۵۵ لب شیرین سے اُس نے دی گالی + مین نے بوسے کا یہ بدل پایا (مسرور)

۵۶ ع - اسے یار بات بات پہ ہوتا ہے اب بگاڑ (امیر)

۵۷ فقرہ - بگھار جلگیا -

شہ عشق اک روز رنگ لائیگا + یہ بڑا بول پیش آئے گا۔ (شوق)

۹ بہکر جو آستین سے پہنچا ہے کوس تک + اسے اشک کوس بھر کا تجھے پھیر ہوگیا (وزیر)

نشلہ ع ان ننھے سے تیرون مین بھی ہے توڑ بلا کا (امیر)

لہ ع توصاف جوڑ جدا ہوگیا کلائی کا (امیر)

لہ ع دکھانا ہے جوہین کاٹ تیغ قاتل کا (وزیر)

قیاسی (۲) دوامر مونث (۱) ایک ہی مصدر سے مثلاً بک بک، جھک جھک،

ے داغ - نہین اچھی ہے تیری یہ بک بک + سنکے افسانہ میرا کہتے ہین -

(ب) مختلف مصادر سے مثلاً اچھل کود، ادھیڑ بن، اکھاڑ پچھاڑ - الٹ پلٹ -

بول چال، بھول چوک، پوچھ گچھ، تاک جھانک، لوٹ پھوٹ، جان پہچان - جھاڑ

پھونک - چمک دمک، چھان بین - چھیڑ چھاڑ، چیر پھاڑ، دیکھ بھال، ڈانٹ ڈپٹ

روک تھام، روک ٹوک، ریل پیل - کاٹ پھانس - کاٹ چھانٹ - لاگ ڈانٹ، نوٹ

مار، لے دے، مار دھاڑ، نوچ کھسوٹ وغیرہ ے کچھ ایسے وہ ناآشنا ہوگئے ہین

نہ تھی جان پہچان گویا کبھی کی - (اختر)

مستثنے - میل جول، (ملنا جلنا سے میل ہین سے اور جول مین تو زیادہ ہے) ے

اختر - تم کو دعوی ہے پارسائی کا + اور غیرون سے میل جول بھی ہے -

قیاسی (۳) امر آؤ مذکر مثلاً بچاؤ، اٹکاؤ، الجھاؤ، برتاؤ، بناؤ چناؤ، بھاؤ

بھٹکاؤ، بہاؤ، پتھراؤ، پٹاؤ، پڑاؤ - پساؤ، پھیلاؤ، ٹھیراؤ، جماؤ، چل چلاؤ

چھڑکاؤ، رکاؤ، رکھ رکھاؤ، ستھراؤ، لگاؤ، گھماؤ، حاصل مصدر - کی تخصیص

نہین بلکہ ہر اسم خواہ کسی زبان کا ہو، جو اس وزن پر آئے، مذکر ہوگا مثلاً پلاؤ، الاؤ، ناؤ

پاؤ وغیرہ ناؤ، باؤ اور گاؤ (گائے) مستثنے ہین واؤ کو جو حرف علت ہے بعض

مونث کہتے ہین مگر مذکر درست ہے ے زہر آب دے نہ تیغ نگہ کو عتاب سے +

اچھا نہوگا دل پہ اگر گھاؤ پڑگیا (ظفر)

قیاسی (۴) (۱) امر - ن ساکن | مونث مثلاً جلن، تھکن، اینٹھن، پچھوڑن

پھبن - پھسلن، پھڑکن - پھسلن، ٹیکن، دھڑکن، سیون، کترن، کھرچن،
گھن - لگن، مرن - اُلجھن، سوجن، چھیلن وغیرہ سے مومن یون داغ عدو
کا شکر اے دل + بے شرم بجھے جلن نہ آئی -

مستثنیٰ (۱) اُترن اختر (شاہ اودھ) سنے مذکر لکھا ہے مگر مونث کو ترجیح ہے -

(۲) بندھن سے اب تک اس جہازلوکی سینکون کا کوئی بندھن نہ تھا + جہل سے لڑنیکو
تھی اک فوج لیکن سب بے سری (حالی)

(۳) چلن سے بدن مین روح کو آنے سے کام کیا تھا امیر + چلن دکھا نیکو آئی تھی
بے وفائی کا - (امیر)

(۴) دھوون سے عمرِ خضر سے اسکی زیادہ ہو زندگی + دھوون پیئے جو یار کی زلفِ دراز کا (آتش)

(۵) مونڈن - فقرہ لڑکے کا موڈن (عقیقہ) ہے -

(۶) گہن سے چاند سا رخ ہے تہ زلف تو بوسہ ہو عطا + کیجئے صدقے کی تدبیر گہن پڑتا ہے - (اسیر)

(ب) امر - نون موقوف } مونث مثلاً لین، دین، اُٹھان، اُڑان، اُگزان وغیرہ
سے تری اُٹھان ترقی کرے قیامت کی + ترا شباب بڑھے عمرِ جاودان کی طرح (ریاض)

مستثنیٰ (۱) لگان (۲) لین دین (اگرچہ لین دین انفراداً انفراداً دونوں مونث
ہین - مگر مرکب مذکر ہے) (۳) پکوان - فقرہ شادی کا پکوان ہو رہا ہے -

(۵) امر - ہٹ یا (۱) صفت - ہٹ } مونث قیاسی	مثلاً تلملاہٹ - تمتماہٹ - جگمگاہٹ - سنسناہٹ گھبراہٹ - مسکراہٹ وغیرہ مثلاً اُداہٹ، چکناہٹ سے

اختر۔ گُل سوسن مین زنگت ہے غضب کی + اُداہٹ ہے مسی آلودہ لب کی۔

(ب) امر۔ آوٹ / امر۔ آوت } مونث مثلاً بناوٹ، رُکاوٹ، تناوٹ، بجاوٹ، دِکھاوٹ، سجاوٹ، کساوٹ، کھنچاوٹ۔ گندھاوٹ، گھلاوٹ، لگاوٹ، کہاوت وغیرہ۔

مومن ے یون الگ رہتے ہین عاشق سے بناوٹ کب تھی + روز بے وجہ بگڑنے مین لگاوٹ کب تھی۔

(ج) امر۔ آپ یا آپا } مذکر مثلاً۔ ملاپ، جلاپا داغ ے حشر مین اس دُہوم سے اُن کا مراہوگا ملاپ + اہل محشر کا کٹے گا دن مبارک باد مین۔

(د) امر۔ داس / صفت۔ اس } مونث مثلاً بکواس۔ مٹاس۔ ہگاس، کھٹاس، مِٹھاس نکاس۔ انچاس، رنچاس وغیرہ وغیرہ۔ داغ ے سُن چکے بکواس تیری اُٹھ ہمارے پاس سے + دردِ سر ہونے لگا ناصح تری بکواس سے۔

(ھ) امر۔ آوا | مذکر۔ بھلاوا، پہناوا، دِکھاوا اختر۔ ع پہناوا آپ کا یہ ہو آپ کو مبارک۔

(و) امر۔ ک۔ | مونث مثلاً بیٹھک۔ منیر ے پریون مین شادیان ہون تو جلسے کرے اگر + بیٹھک ہو کوہ قاف مین تیری نشست کی۔

(ز) امر۔ ت | مونث مثلاً بچت، چلت، پھرت، بُنت، ڈھلت، سکت کھپت، اکت، چاہت وغیرہ۔ داغ ے کیا آپ نے ترک اپنا سنگار ہ چلو صرف مین کچھ بچت ہوگئی۔

قیاسی (۶) ماضی | مذکر مثلاً کہا، جھگڑا، چاوا وغیرہ۔

قیاسی (۷) اسم پن یا پنا | مذکر مثلاً بانکپن۔ لڑکپن۔ بچپن اور دیوانہ پن۔

بھولاپن، لچھپن وغیرہ وغیرہ اختر ؎ یہ جوانی یہ اُمنگین عشرہ + اور غضب اُس پر یہ بھولاپن ترا - بچپنا - لچھپنا - وغیرہ بچپنا بھی عجب ہوتا ہے - (فقرہ)

قیاسی (۸) اسم - پت کنوارپت

قیاسی (۹) دو امر با الف اتصال — مونث مثلاً بھاگا بھاگ، مارا مار (فقرہ - ملک مین مارا مار ہو رہی تھی -

دو امر بارا اتصال — مونث مثلاً چل پھل -

قیاسی (۱۰) امر - ٹر — مونث مثلاً بھاگڑ - اسیر ؎ پیری کی مگر فوج اسیر آئی ہے نزدیک + دل مردہ ہے بھاگڑ ضعف دندان مین پڑی ہے -

قیاسی (۱۱) امر - س — مونث مثلاً گھٹس پٹس وغیرہ (اس صورت مین حروف علت امر سے گرجاتے ہین - داغ ؎ مرے رونے سے ماتم دل مین + سخت ریٹس پڑی ہے محفل مین -

(۲)

قواعد فارسی

ظرف مکان

ان الفاظ کی تذکیر و تانیث، جنکے آخر مین کلمات ظرف آئین، حسب ذیل ہے:-

(۱) گاہ - مونث مثلاً آرام گاہ، شرم گاہ، قدم گاہ، گزرگاہ شکارگاہ (فقرہ شاہان قدیم کی شکارگاہین اور دربار منقوش ہین) زیارت گاہ - خوابگاہ، عیدگاہ، درگاہ، بارگاہ، صیدگاہ، سجدہ گاہ، کارگاہ، دست گاہ، (گویہ حاصل مصدر ہے) اقرگاہ، رصدگاہ، بزم گاہ، خانقاہ (دراصل خانہ گاہ) وغیرہ وغیرہ سب مونث آتے ہین - مگر چند الفاظ کو مسلم الثبوت شعرا اور انشا پردازون نے اسکے خلاف مذکر

لکھا ہے۔ مثلاً۔
عرصہ گاہ۔ ذوق؎ یہ حیاتِ چند روزہ جو نہ سدِ راہ ہوتی ✦ تو پھر ایک عرصہ گاہِ عدم وجود ہوتا۔
قدم گاہ۔ فقرہ۔ با اقبال بزرگوں کا قدم گاہ سمجھ کر یہ ملک پیارے بیٹے کو دے دیا تھا۔ (سخن دانِ فارس)
تخت گاہ۔ فقرہ۔ بخارا جو کہ سامانیوں کا اصلی تخت گاہ تھا۔ (حالی)
درس گاہ۔ فقرہ۔ مسلمانوں کا درس گاہ تھا۔ (مولوی نذیر احمد خان)
علیٰ ہذا۔ بندرگاہ۔ جولانگاہ۔ وغیرہ کو مولانا شرر، محمد علی خان صاحب اور دیگر اصحاب نے مذکر لکھا ہے۔ مگر ہماری رائے میں اس قسم کے کل الفاظ کے لیئے تانیث ہی مناسب ہے۔
(۲) کدہ۔ مذکر۔ مثلاً آتش کدہ۔ بت کدہ۔ صنم کدہ۔ عشرت کدہ، دولت کدہ، غم کدہ، میکدہ، خلوت کدہ وغیرہ وغیرہ۔
(۳) دان۔ مذکر مثلاً قلمدان، عطردان، بچہ دان، روشندان، اگردان، اگالدان، کیف دان وغیرہ وغیرہ۔
(۴) خانہ۔ مذکر۔ آبدار خانہ، عجائب خانہ، کتب خانہ۔ آتش خانہ، سلاح خانہ، شفاخانہ، کفش خانہ، فیل خانہ، شترخانہ وغیرہ وغیرہ۔
(۵) سار۔ مذکر۔ مثلاً کوہسار، شاخسار، چشمہ سار
(۶) سرا۔ مونث۔ محل سرا[1]، کاروان سرا، عشرت سرا، ماتم سرا، دولت سرا، مہمان سرا وغیرہ۔
(۷) ستان۔ مذکر۔ مثلاً گلستان، بوستان، ریگستان۔ پرستان، شبستان،

[1] بعض اصحاب محل سرا کو مذکر استعمال کرتے ہیں۔ جو محض غلط ہے۔

قبرستان، عربستان، سیستان، کوہستان۔ باغستان۔ فقرہ۔ خراسان تک
انہین کی تواریخ کا گورستان ہے (آزاد دہلوی)

(۸) زار۔ مذکر۔ مثلاً گلزار۔ سبزہ زار، لالہ زار، علف زار مرغزار، شورزار
مستثنے کارزار، کشت زار مختلف فیہ ہین مگر ترجیح مذکر ہی کو ہے۔

دبیر ؎ یہ کہہ کے راہوار کے اوپر ہوا سوار + پھر جا کے فوج ظلم سے کی ان
مین کارزار۔ آزاد دہلوی ؎ جب گرم کارزار ہوا خون بہا دئیے + اور
دشمنون کے خون سے جیحون بہا دیئے۔

حالی ؎ ایسے حاصل خیز دنیا مین نہ ہونگے کشت زار + جیسے مردم خیز تھے
اسلام کے شہر و دیار۔

(۹) بار۔ مذکر۔ مثلاً دربار، رودبار، دریابار۔

(۱۰) آباد مذکر۔ مثلاً۔ اورنگ آباد۔ اکبرآباد حیدرآباد

(۱۱) شن۔ مذکر۔ مثلاً گلشن۔

(۱۲) اسم۔ امر | الف۔ مونث۔ مثلاً بدرو، قلم رو وغیرہ۔

(ب)۔ مذکر۔ مثلاً پا انداز، زیرانداز، وغیرہ۔

حاصل مصدر فارسی

قیاسی (۱) ماضی | مونث۔ مثلاً۔ استاد۔ افتاد۔ کاشت، کشت
کشید۔ کوفت، تاخت، برد، داد، دانست، دوخت۔ دید۔ زیست،
سوخت۔ سرشت۔ شناخت۔ فہمید۔ گرفت، نمود۔ یافت، زد۔ ساخت،
گشت۔

مستثنی۔ شگفت (تعجب زا)۔

قیاسی (۲) اسم۔ ماضی حرف ماضی صفت ماضی | مونث۔ مثلاً بازدید۔ برآمد۔ پرداخت۔ بازگشت، جائداد، چشم داشت۔ خوش آمد۔ بزرگ داشت، درخواست۔ رُوداد۔ برداشت۔ برآورد۔ بہبود۔ سرگزشت۔ سرنوشت۔ پیش رفت، گلگشت۔ دست برد۔ یادداشت۔ نگہداشت۔ واگزاشت۔ داربست قرارداد۔ صوابدید۔ فروگزاشت ؎ چلئے شب جمعہ تو مزار شہدا پر + گلگشت کریں آپ مزار شہدا کی۔ (رند)

مستثنیات (۱) واسوخت (مگر بقول مولانا سید مجتبیٰ احمد صاحب ٹونکی) مونث کشت و خون (مگر کشت تنہا مونث ہے)

قیاسی (۳) دو ماضیاں | مونث۔ مثلاً۔ آمد آمد آمد و رفت، خورد برد، شد بد، خرید و فروخت، داد و ستد۔ گفت و شنید شکست و ریخت، نشست و برخاست، نوشت و خواند، ہست و بود۔ زد و گشت آمد و شد وغیرہ۔

سماعی (۴) ماضی۔ آر | مذکر۔ مثلاً۔ دیدار۔ پندار۔ کردار۔ مونث۔ مثلاً گفتار رفتار وغیرہ۔

قیاسی (۵) امر۔ | مذکر۔ مثلاً۔ آرام، آزار۔ آشوب، آغاز، آماس۔ آچار۔ آنبار، انجام۔ آروغ، انداز، رنج۔ پاس۔ کشش پرداز، پرہیز۔ پرسش خرام۔ ساز۔ شگاف۔ شوب۔ شکیب، شور، فشار۔ فرمان۔ گزار۔ لاف گزاف۔ ناز۔ نیاز۔ نوش۔ ہراس۔ فریب، آزنگ، شمار، طراز، نہاد۔ بند پیوند وغیرہ وغیرہ

مستثنیات :۔

(۱) آفرین ؎ عجب انداز سے مقتل مین اُسکی تیغ کین نکلی + کہ دل سے مرحبا نکلا جگر سے آفرین نکلی۔ (امیر)

(۲) افشان ؎ تارون کے ٹوٹنے کی جو سیر اُنکو بھا گئی + افشان لگا لگا کے چھڑائی تمام رات (مونس)

(۳) پرواز ؎ دے خدا گر بال و پر تو مثل مرغ تیز بال + یان سے ہم پرواز بام یار پر سیدھے کرین (ظفر)

(۴) پسند ؎ اسلیے اُس سے طبیعت ہوئی بیزار اپنی + کہ پسند اُنکو نہین وہ جو پسند اپنی ہے (ظفر)

(۵) پناہ ؎ نہین کہین ہے تری چشم فتنہ زا کی پناہ + یہ وہ بلا ہے کہ بس اے صنم خدا کی پناہ (ظفر)

(۶) پند ؎ عرض پندا مون نے ہر چند کی + ہوئی پر نہ تاثیر کچھ پند کی (ناسخ)

(۷) رد ؎ پہلے اک تیر نظر کیا چل گیا + ساتھ ہی مژگان کی رد بھی پڑ گئی (اختر)

(۸) زیب ؎ تجھ سے اے رشک چمن زیب چمن بڑھتی ہے + سرو کی طرح ہر اک شاخ سمن بڑھتی ہے (اسیر)

(۹) نفرین ؎ بس کہ نازک ہو گئی حالت دل بیتاب کی + اب اُٹھا سکتا نہین نفرین عزیز احباب کی (مصحفی)

(۱۰) تاب ؎ زخمی ہوا ہے پاشنہ پائی ثبات کا + نے بھاگنے کی گون نہ اقامت کی تاب ہے (غالب)

(۱۱) خراش - مختلف فیہ ہے مگر تانیث کو ترجیح ہے ؎ لبریز صد نشاط ماہ برنگ ہلال عید + سینے مین میرے ناخن غم کی خراش ہے (ذوق)

(۱۲) گزند - مختلف فیہ ہے۔ لیکن مونث کو ترجیح ہے ؎ گیسو سے یار کے کس کسکو گزند پہنچا نہین + اژدر کے کام کرے ہے انکی گیسو کیا کہا (صبا)

(۱۳) گزر۔ بمعنی (اوقات بسری) مونث ۵ گدا وشاہ کی ہوتی گزر ہے مانگے پر + کہ مانگتا یہ علیا سے وہ خدا سے ہے۔ (اختر)

گزر۔ بمعنی (رسائی) مذکر۔ ۵ ہوا جو ایک دن اس راہ سے گزر اس کا + دم اک اس نے بھی چاہا کہ کیجئے نذر نقیر (حالی)

(۱۴) گریز۔ (مصطلع عروض) مذکر۔

گریز۔ (فرار) مونث ۵ دنیا سے ان کو ہوتی ذرا بھی اگر گریز + اسلام کی تو ہو ہی چکی ہوتی رستخیز (نذیر احمد صاحب)

(۱۵) آغوش، مختلف فیہ مگر تذکیر کو ترجیح ہے ۵ شاہد مقصود سے کس کی بغل میں آ ظفر + دیکھ ہے آغوش چرخ پیر بھی خالی پڑی۔ (ظفر)

۵ میں وہ محروم محبت ہوں لڑکپن میں بھی + واکسی نے نہ مرے واسطے آغوش کیا (رند)

(۱۶) ریزو شکن وغیرہ۔

سماعی (۶) اسم۔ امر۔ مذکر۔ مثلاً۔ پس انداز، پابوس، پیش کش، سرانجام، سرپیچ ۵ (امیر حسن) سرون پردہ سرپیچ معمول کے + خوشی سے ہوئے گال گل پھول کے

سماعی (ب) حرف۔ امر مونث۔ مثلاً۔ درگزر۔ دست آویز۔ دست رس۔ دور باش، بازپرس ۵ بدلی کی انگوٹھی ڈھیلی پائی + دستاویز اسکی ہاتھ آئی۔ (نسیم)

قیاسی (۷) دو امر مذکر مثلاً پیچ و تاب پیچ و خم، آتا ب توان، پیم و خم جوش خروش، خورد نوش، بوس و کنار، ساز باز، سوز و گداز وغیرہ ۵

اختر کا حال سنکے ہے ہم سنگدل + کس قہر کا بیان میں سوز و گداز تھا۔ (اختر)

مستثنیات:۔

(۱) تراش خراش ہے ۵ کیونکہ لکھوں تراش خراش اسکی چال کی + کٹ جائیگی زبان قلم بیشال کی (امونس)

(۲) تگ و دو ؎ ہرچند ہے نصیب پہ موقوف وصلِ یار + پر چھوڑیے نہ اسکی تگ و دو کسی طرح (ظفر)

(۳) دارو گیر ؎ چلا ہے کوچۂ گیسو کو دل مرا خوش خوش + خبر نہیں کہ وہان دارو گیر ہوتی ہے (اختر) (۴) تگاپو - گیر و دار

قیاسی (۸) - امر - نہی - مذکر - مثلاً - دارو مدار - یا دار مدار - کج دار و مریز ؎

چمن راستی کا یہ الف اعتبار تھا + اُس پر ہماری اوج کا دارو مدار تھا (دبیر)

مستثنیٰ - کشمکش ؎ ہوئی لوگوں کی چپقلش کیا کیا + رہی آپس میں کشمکش کیا کیا (داغ)

قیاسی (۹) امر - ش - ماقبل مکسور آخر - مونث - مثلاً آرایش، آزمایش، آسایش، آفرینش - آلایش - آمرزش، آمیزش، افزایش، بارش، کاوش - کاہش، کشش، گوارش، (گوارش اسی کا مبدل ہے) (دادو دہش) برش، پیدائش - پیمایش، پرستش، پرورش، خارش، فرمایش، لرزش، ؎ حکم ہے باتیں کرو اغیار کی + واہ فرمایش ہے کیسی یار کی - (امیر)

مستثنیات:-

(۱) خلش - مختلف فیہ ہے مگر مونث کو ترجیح ہے -

(۲) بالش - حاصل مصدر کی حالت میں مونث، اور اسم کی صورت میں مذکر ؎

زیر سر پھٹ پھٹ کے سارا بالش سر اڑ گیا + ہم نہ تڑپے دھجیاں ہو ہو کے بستر اڑ گیا

قیاسی (۱۰) ماضی - امر خواہ ایک ہی مصدر سے ہو یا مختلف - مونث - مثلاً پخت و پز، جست و جو، جست و خیز، بود و باش زد و کوب، شست و شو، گفتگو ؎ گردش سے ہے مہر و مہ کی ثابت + ان کو بھی ہے جستجو تمہاری (امیر)

مستثنیٰ - بندوبست ؎ انتظام آپکی سرکار میں یوں لازم ہے + بندوبست

آپ کا گھر مین سے باہر اپنا (بحر)

(۱۱) دوامر بالف اتصال مونث - مثلاً - کشاکش، رَوا رو ٥ غُل تھا کہ برستی ہوئی آتش نہین دیکھی * یہ کاٹ یہ کس بل یہ کشاکش نہین دیکھی (انیس)

(۱۲) امر - ک - مونث - مثلاً - پوشاک، خوراک ٥ آپ نے غیر کو جو دی دشنام * وہ یہ سمجھا مجھے خوراک ملی (تسلیم)

مذکر - مثلاً - تپاک، سوزاک، ٥ آتے جلانیکو اے سنگدل صنم ہم سے * اک اور صاعقۂ طور سے تپاک کیا - (ناسخ)

قیاسی (۱۳) امر - ہ مذکر - مثلاً - اندیشہ، گریہ - خندہ، اندازہ، بوسہ، لرزہ، نالہ ٥ لگی دل کی بجھاے بیکسی مین کون ہے ایسا * مگر اک گریۂ حسرت کہ بتیابانہ آتا ہے (امیر)

قیاسی (۱۴) حاصل مصدر اسمی مونث - مثلاً - سفیدی - سیاہی - فرعونی - بدذاتی، خردی، بزرگی - بندگی - افسردگی وغیرہ وغیرہ ٥ شفا ہو عیسیٰ گردون نشین سے * ہماری بندگی پہونچے یہین سے (داغ)

(نمبر۳)

عربی الفاظ کی تذکیر و تانیث کے قواعد

مصادر ثلاثی مزید فیہ، و رباعی مجرد و مزید فیہ

قیاسی (۱) افعال - بالکسر مذکر - مثلاً - احسان، انعام - انکار، اقرار، احساس - اخلاص - اخراج، الزام - اعزاز، اشکال - ابہام، ایمان، اجماع، اعلان، اعلام، ایصال، ادراک، اذرار، اضرار، القا، ایزاد[۵]، ابرام، احقاق، ابطال، ابقا، اِبسال، ایراد، ایقان، ایطا

[۵] ملاحظہ ہو نوٹ بر صفحہ ۲۶

ایجاز۔ اعجاز وغیرہ۔

مستثنیات:۔ مندرجۂ ذیل الفاظ کی تذکیر و تانیث پر دہلی اور لکھنؤ والوں کا اتفاق ہے (۱) اصلاح ؎ خوشامد کی منت کی الحاح کی ٭ جب اُس نے کہیں جاکے اصلاح کی (نوازش)

؎ شاعر ہوں بُو سے سیبِ زنخدان ہوں سونگھتا ٭ اصلاح رہتی ہے مجھے اپنے دماغ کی (آتش)

(۲) افراط ؎ تھا شور کہ افراط ہے یاں آب بقا کی ٭ جنگل میں ملے خضر یہ قدرت ہے خدا کی (انیس)

(۳) الحاح ؎ خوشامد کی منت کی الحاح کی ٭ جب اس نے کہیں جاکے اصلاح کی (نوازش)

(۴) امداد ؎ ہے الفتِ دشمن میں بُرا حال کسی کا ٭ اے حضرتِ دل کیجیے امداد کسی کی (داغ) (۵) ایذا ؎ نالہ کیسا؟ آہ نہیں کی ٭ کیا کچھ تجھ بن ایذا گزری (رند)

(۶) انشا ؎ نہ انشا ہے صحیح اسکی نہ املا ہے صحیح اسکا ٭ مرا خط غیر سے لکھوا کے بھیجا نامہ بر! یہ کیا؟ (داغ)

اور ان الفاظ میں اختلاف ہے:۔

(۷) ایجاد۔ مختلف فیہ ہے۔ اسکی تذکیر و تانیث میں سے کسی کو ترجیح نہیں دے سکتے کیونکہ جہاں مولانا طباطبائی جعفر نقاد۔ آزاد، امیر، جلال، حضرت مجیب احمد صاحب تمنائی، اور مولوی امیر علی صاحب کے کلام میں مذکر پایا گیا ہے، وہاں سر سید احمد خان، مولوی نذیر احمد، مولانا حالی، وغیرہ نے مونث بھی استعمال کیا ہے۔

(۸) املا؛ اسکو حضرت رشک نے مونث باندھ دیا ہے، ورنہ عام طور پر تذکیر کے ساتھ مستعمل ہے، جیسا کہ نمبر (۶) میں داغ کے شعر سے ثابت ہے۔

نوٹ نمبر ۲ ؎ یہ لفظ نہ کلام عرب میں پایا گیا ہے نہ صرف کی رو سے صحیح ہو سکتا ہے زیادہ سے زیادہ باب افعال ازادہ ہونا چاہیے مگر وہ بھی مستعمل نہیں ہے البتہ ازدیاد آیا ہے جو افتعال سے ہے ۱۲

(۹) اِرسال۔ جب اس لفظ کا اطلاق رقم، آم وغیرہ پر ہوتا ہے تو مونث مستعل ہوتا ہے ورنہ بھیجنے کے معنی مین مذکر ہی ہے ؎ جمع ہوجاسے گا دو دن مین خزانہ ترے پاس دل پہ آتے ہین کہ اِرسال چلی آتی ہے۔ (لااعلم)

(۱۰) اِملاک، بعض اصحاب اسکو مِلک کی جمع اور اِسلئے بالفتح اَملاک کہتے ہین، اس صورت مین قاعدۂ ہذا سے متعلق نہ ہوگا۔ ہان اگر اسکو اِفعال کا وزن قرار دین، تو اسکے مُستثنیات مین شریک کیا جائیگا، کیونکہ عام وخاص کی زبان پر مونث ہے ؎ کیا خاک سے پاک اک ایک کو + عنایت کی اِملاک اک ایک کو (سحر)

(۱۱) اِسناد، محدثین کی زبان سے مونث سنا گیا ہے۔

(۱۲) اِکراہ، بعض اصحاب مونث استعمال کرتے ہین، جو کسی طرح درست نہین ؎ ہوگیا جرم کونسا مجھ سے + بڑھ گیا ہے تمہارا کیون اِکراہ (نعیم)

(۱۳) اِدبار ؎ مرا یار تو ہے عدو یار تیرا + یہ اقبال میرا وہ اِدبار تیرا (سرور)

(۱۴) اِلحان۔ بالکسر (لحن کی جمع نہین بلکہ مصدر ہے) مختلف فیہ ہے، مگر تانیث کو ترجیح ہے۔ ؎ جو یادِ مصحفی دل مین مرا دل نالے کرتا ہے + وہ کہتے ہین مزا دیتا ہے کیا اِلحان قاری کا۔ (مصحفی)

؎ گونجا وہ طبل فتح کہ میدان لے لئے + ہے کرّ ناے جنگ کی اِلحان چلے چلو۔ (مولوی محمد حسین آزاد)

قِیاسی (۲) اِفتِعال۔ مذکر۔ مثلاً۔ اِنتظام، اِمتحان، اِجتہاد۔ اِمتیاز، اِحتراق اِختلاف۔ اِتباع، اِختصار، اِختیار، اِرتفاع، اِرتکاب اِتساع (اِوتِساع) اِنتزاع۔ اِزدواج، (دراصل اِزتواج) اِہتمام، اِجتماع اِفترا۔ اِلتوا، اِتفاق، اِتحاد، اِنتظار، اِضطرار وغیرہ ؎ کرکے عِصیان ہمکو پرغم کیا + اِتباعِ سُنّت آدم کیا (ناصر)

مستثنیات:-

(۱) اِحتیاط ؎ کی سگِ جانان کی خاطر ہڈیون کی احتیاط + قینچیان تُربت پہ لگوائین ہما کے واسطے (وزیر)

(۲) احتیاج ؎ بے احتیاج کوئی نہین ہے جہان مین + ناوک کو پَر کی تیغ کو دم کی ہے احتیاج (امیر)

(۳) انتہا } ؎ مئے نہ دیناب تو ہے بیدروی مجکو ساقیا! + اِبتدا جاڑے کی ہے
(۴) ابتدا

اور انتہا برسات کی (آتش)

(۵) اِلتجا ؎ دل جو واپس طلب کیا تو کہا + یہ نئی التجا نکالی ہے (داغ)

(۶) اِطلاع ؎ چھپتی ہے کب چھپائے سے اہلِ کرم کی شان + ہوتی ہے خودبخود دلِ سائل کو اِطلاع (داغ)

(۷) اِصطلاح ؎ خدا نے دی ہے عجب تازگی سُخن کو مرے + محاورے ہین نئے اور اِصطلاح نئی (تسلیم)

(۸) اِستہا ؎ کھاگئی مردے ہزارون ہی زمین + استہا لیکن نہ اسکی کم ہوئی (مصحفی)

(۹) اِقتدا ؎ ہم آج امامِ فن ہین مسرور + کرتے ہین سب اقتدا ہماری۔ (مسرور)

مندرجہ بالا الفاظ بالاتفاق سب مونث ہین اور مندرجہ ذیل الفاظ مین اختلاف ہے

(۱۰) اِلتفات مختلف فیہ ہے مگر ترجیح مذکر کو ہے ؎ پہلے تو التفات اُن پہ کیا + حکم پھر بادشاہ نے یہ دیا۔ (منیر)

(۱۱) اِلتماس، اہلِ لکھنو کے کلام مین مونث اور اہلِ دہلی کے کلام مین مذکر پایا گیا ہے

؎ ادا ہر طرح رسمِ ابرو کی + ادب سے التماس گفتگو کی (تسلیم)

؎ تجھ سے یہ ہے التماس میرا + غیر کا ہے کہ پاس ہے میرا (داغ)

مگر غالب مرحوم اور جناب راغب حیدر آبادی نے مونث استعمال کیا ہے ۔

مندرجہ ذیل چار الفاظ مختلف فیہ ہیں، مگر ترجیح تانیث ہی کو ہے ۔

(۱۲) اِعتنا ۵ نہ اُٹھانہ حضرت لی تعظیم کی + نہ کچھ اعتنا کی نہ تسلیم کی ۔ (اسیر)

فقرہ ، غزل کی طرف زیادہ اعتنا نہیں پایا جاتا ۔ (حالی)

(۱۳) اکتفا ۵ تمنا نے نہ اسیر اکتفا کی + بڑہی حسرت حصول مدعا کی (تسلیم)

(۱۴) اِبتلا ۵ ہین ایک نہ ایک بلا کے پابند + جاتی نہیں ابتلا ہماری ۔ (مسرور)

(۱۵) اِمتلا ۵ غم ہے وہ چیز کہاتے ہین ہر روز + اور کبھی امتلا نہیں ہوتی (اختر)

(۱۶) اِستناد ، گرچہ جلال تسلیم وغیرہ نے مونث استعمال کیا ہے ۵ غیر کی پے تصدیق یاد کی ہوتی + ہمارے حال ہی سے استناد کی ہوتی ۔ (تسلیم)

مگر بقول مولانا نقاد ، مولانا عبد السلام راغب و مولانا طباطبائی و شرر ، مذکر ہی فصیح ہے ،

فقرہ ۔ فصاحت و بلاغت کے مسائل میں آج تک استناد کیا جاتا ہے (شرر)

قیاسی (۲۳) انفعال | مذکر ، انقلاب ، انفعال ، انفکاک ، انفراغ ، انضمام ، انقباض ، انقسام ، انقطاع ، انکسار ، انہماک ، انہدام ، انکشاف ، انضباط ، انصرام ، انہزام ، انہلاک ، انکباب ، انطوا ، انطباق ، انطباع ۔ انعکاس ، انغلاق انقراض ، انقضا ، انقیاد ، انشقاق ، انضداع وغیرہ وغیرہ

مستثنیات :۔

(۱) انجلا (۲) انبساط ، اسکو امیر ، تمنائی ، اور صاحب فرہنگ آصفیہ نے مونث استعمال کیا ہے ۵

ہر طرف سے یاس کے آثار ہین انبساط طبع بھی جاتی رہی ۔ (ناصر)

اور جلال و حالی نے مذکر لکھا ہے ۵

دن اب ایدل منقبض رہنے کے ہین + ہو چکا ہونا تھا جو کچھ انبساط (حالی)

قیاسی (۴) اِستفعال مذکر۔ مثلاً۔ اِستقبال، اِستعمال، اِستدلال، اِستقلال، اِستخراج، اِستنباط، استفراغ، اِستکراہ، اِستصواب، اِستحسان، اِستشہاد، اِستسقا، اِستطعام، اِستظہار، اِستمرار، اِستفسار، اِستمساک، اِستنباط، اِستہزا، اِستنجا، اِستہجان، اِستیلا، اِستمتاع، اِستغفار، وغیرہ ؎

میں وہ ہوں اہلِ سخن میں جو کبھی بحث ہوئی + میرے اشعار سے لوگوں نے کیا اِستدلال (سرور)

مستثنیات:۔

(۱) اِستعداد ؎ کھاکے خونِ دل کہی ناصر غزل + صرف کردی جتنی اِستعداد تھی (ناصر)

(۲) اِستغنا ؎ کام ہوئے ہیں سارے ضایع ہر ساعت کی سماجت سے + اِستغنا کی چوگنی اُس نے جوں جوں میں ابرام کیا (میر)

(۳) اِستدعا ؎ جنازے پہ وہ بت آیا پس مرگ + ہوئی مقبول استدعا ہماری (تسلیم)

(۴) اِستمداد ؎ جھوٹی باتیں ہیں خوشامد کی ہمیں عادت نہیں + کس نے استمداد کی جو آپ نے امداد کی۔ (تسلیم)

(۵) اِستغفار ؎ مرے حسنِ عمل سے معصیت بھی عار کرتی ہے + مری توبہ پہ توبہ استغفار کرتی ہے (ذوق)

(۶) اِستہدا (بقول مولوی مجتبیٰ احمد صاحب ٹونکی مونث ہے)۔

(۷) اِستسناد، مختلف فیہ ہے، جلیل۔ جلال اور تسلیم نے مونث لکھا ہے، برخلاف اسکے پروفیسر طباطبائی مولانا امیر علی صاحب لکھنوی اور اکثر اہل دہلی کے کلام میں ذکر پایا گیا ہے۔

(۸) اِستبداد، مختلف فیہ ہے، ؎ شکوہ بیداد پر بولا وہ بُت + تم نے اپنے ہاتھ اِستبداد کی۔ (شوق)

اصول زبان کے لحاظ سے آخر الذکر دو لفظ کا مذکر استعمال کرنا مولف کی راے مین مناسب ہے

قیاسی (۵) تَفاعُل | مذکر - مثلاً - تعاقُب، تعارُف، تجاہُل - تدارُک، تصادُم، تطابُق، تغافُل، تعاشُر، تصاحُب، تقابُل، تنازُع، تخالُف، تساہُل، تشاکُل، تقاطُع، تبادُر، تبایُن، تجاوُز، تجارُب، تحارُب، تحاکُم، تداوُل، تداخُل، تشاکُل، تشارُک، تصافُح، تعاطُف، تعاوُن، تفاوُت، تفاوُل، تقاطُر وغیرہ وغیرہ ؎

تمھارے ایک جلوے سے ہوے شیر و شکر دونون + تنازُع مٹ گیا اے جانِ جان شیخ و برہمن کا - (شعور)

مستثنی :-

(۱) تواضُع ؎ اِدہر مین نے تواضُع کی اُدہر تعظیم اُس نے کی + جھکائی مین نے جب گردن تو اُٹھا ہاتھ قاتل کا - (لا اعلم)

قیاسی (۶) تَفعِیل | مونث، مثلاً، تعریف، تقریب، تشریح، تحریر، تجرید، تقریر، ترغیب، تحریص، تعریب، تصویر، تکفیل، تنویر، تنغیص، تشیع، تشریف، ترتیب، تشبیہ، توجیہ، تقطیع، تقلیب، تکثیف، تکمید، تکوین، تکلیل، وغیرہ وغیرہ ؎

خلعت عُریان تنی بہتون نے پہنا پر جنون + ٹھیک میرے جسم پر تشریف عُریانی ہوئی - (رند)

مستثنیات :-

(۱) تعویذ ؎ چمن مین غنچہ نہین کھلا ہے وہ گل یہان رات کو رہا ہے + کہ کوئی تعویذ کھُل پڑا ہے اُسی کے بازوے نازنین کا - (امیر)

(۲) توقیع (فرمان شاہی)

(۳) تسکین، بعض شعرا مثلاً آتش وغیرہ نے مذکر استعمال کیا ہے، مگر مونث کو ترجیح ہے

ے ایسی نظر شوخ مین تمکین نہین دیکھی + اسطرح تغافل مین حیا کو نہین دیکھا۔ (داغ)

ے سنگ گران ہے راہ مین تمکین یار کا + اب دیکھنا ہے زور دل بیقرار کا (حالی)

ف۔ جب تفعیل کے بعد ہاے ہوز (جو حقیقت مین تاے مدورہ ہے) آئے تو مذکر ہوتا ہے، مثلاً تصدیقہ، تخمینہ، تعلیقہ وغیرہ

ف۔ تمیز، تضیع، تعین، وامثالہم دراصل تمییز، تضییع، تعیین بروزن تفعیل ہین، اس لئے مونث ہین، ے

اغیار و یار سب کو جلاتی ہے برق حسن + ہے آگ کو تمیز نہ گل کی نہ خار کی۔ (اسیر)

ے شاعری کا کیا نتیجہ آج کل + مفت مین تضیع ہی اوقات کی۔ (اختر)

ف تحقیقات، تسلیمات، تعینات، اور تراویح جمع کے صیغے ہین، مگر واحد مونث مستعمل ہین۔ امثال کے لیے جمع کا بیان ملاحظہ ہو۔

قیاسی ف تفعلہ (ہاے ہوز سے)	مذکر۔ تفرقہ، تجربہ، تصفیہ، تتمہ (تتمہ) تثنیہ تعمیہ، تذکیہ، تخلیہ، تذکرہ، تحشیہ، تسمیہ

تبرئیہ وغیرہ وغیرہ ے سچ نظر آتا ہے سچ اور جھوٹ جھوٹ + تفرقہ رہتا ہے نہ رہتی ہے پھوٹ (حالی)

قیاسی ف تفعلت (تاے قرشت سے)	مونث مثلاً تربیت، تقویت، تہنیت، تعزیت، ے تہنیت رعد نے چلا کے

سنائی کیسی؟ + ہان مین ہان کوند کے بجلی نے ملائی کیسی؟

ف تفعال، بفتح تاے فوقانیہ، مونث۔ مثلاً تکرار تعداد، تمثال، تذکار وغیرہ

ے چھاتی سے لگاتا نہین تو قتل ہی کر یار + یہ روز کی تکرار تو بھاتی نہین مجکو۔ (امیر)

سماعی ف فعال۔ بالفتح	مذکر۔ مثلاً سلام۔ کلام، بیان وغیرہ مستثنی۔ اذان، صلوۃ۔

ہ فرقت کی رات جی چکے ہم تا زمانِ صبح + ہو گی اذان گور ہماری اذان صبح (ذوق)

قیاسی (۷) (۱) مُفاعلہ - ہائے ہوز سے | مذکر مثلاً مقابلہ، مجادلہ، مناظرہ، محاورہ، معاملہ، معانقہ، مضایقہ،

مرافعہ، مشاعرہ، متارعہ، مصافحہ وغیرہ وغیرہ -

ع شیرون کے ساتھ آ کے ٹھہرے مقابلے ہین - (شمس العلما نذیر احمد) ہ عیان ہو

صورتِ شاہد جو چشم حق بین سے + کرے بنور تو غافل مشاہدہ دل کا - (رند)

قیاسی (۲) مُفاعلت تائے قرشت سے | مؤنث مثلاً مخالفت، مداخلت، مفارقت، مسافرت

متابعت، مناسبت، مزاحمت، معاشرت وغیرہ وغیرہ ہ خدا کے واسطے

اب نام سے نجانے کا + نہین ہے دلکو گوارا مفارقت تیری - (نوازش)

قیاسی (۳) فِعال - بالکسر | مذکر مثلاً جہاد، قتال، حصار، قران، حساب، وصال، فصال، جماع، علاج، فراق،

نکاح، طباق، وفاق، نفاق، فراغ، حجاب ہ شاد ہے دل قیدی زلف

بتِ بے پیر کا + ہاتھ آیا ہے حصار عافیت زنجیر کا - (اسیر)

ہ خرابی لائے گا اک دن فراق اُس یار جانی کا + ہمارے قصر تن مین جا بجا ہے چھلا

نشانی کا - (بحر)

مستثنیات:-

(۱) نزاع ہ ایک مسجد، ایک سجدہ، ایک مسجود، ایک خلق + کیون نزاعین

تم مین اسے گبر و مسلمان بڑھ گئین - (اسیر)

(۲) جدال ہ دل نہ میری سُنے نہ مین دل کی + روز باہم جدال رہتی ہے (اختر)

(۳) وداع ہ رخصت طلب ہے عاشق سے حسن یار کا + پروانون سے وداع

چراغِ سحری ہے۔ (امیر)

(۴) رِیا ہ طاعت مین ریا جو تجھسے ناشی ہوگی + پرسش مین غضب کی جان خراشی ہوگی۔ (رشک)

(۵) لِقا ہ خدا کے فضل سے چونکہ نصیب سوتے ہے + لقاے یار مجھے خواب مین نصیب ہوئی (ناصر)

(۶) دِداد

قیاسی (۴) فِیعال مذکر۔ مثلاً قیتال۔

قیاسی (۵) فُعال (بالضم) مذکر مثلاً جوار۔

(نمبر (۴) و (۵) اردو مین مستعمل نہین ہین)

قیاسی (۸) تَفَعُّل مذکر۔ مثلاً تبدّل، تجسّس، تحکّم، تجمّل، تنبّہ، تقرّر، تصوّر، تصوّف، تعصّب، تعہّد، تنکّر، تفحّص، توکّل، تلطّف، تمسّک، تنعّم، تأمّل، تلوّن، تمثّل۔ تمدّن، تملّق، تکلّف، تمرّن، تردّد، تقرّب، تحمّل، توسّل، تموّج، تنفّر، تنوّع، تشدّد، توطّن، توغّل، تولّد، توہّم وغیرہ۔

ہ کب ہماری فکر سے ہوتا ہے سودا کا جواب + ہان تتبّع کرتے ہین ناسخ ہم اُس مغفور کا (ناسخ)

ہ ملے درہم داغ و دُرہاے اشک + ہمین عشق سے یہ تمتّع ہوا (تسلیم)

ہ تھا تفقّہ بھی مسلّم تیری خاک پاک کا + تیہقی وقت تھا ایک اک فقیہ اس خاک کا (حالی)

مستثنیات:۔

(۱) توَجُّہ ہ مجھ سے پوچھی نہ وجہ خاموشی + کچھ توجّہ تمھین ادھر نہ ہوئی (جلال)

(۲) توقُّع ہ جن کو میسّر نہین کلی بھی + خوش ہین توقّع پہ وہ زر بفت کی (حاکم)

(۳) تضرّع ه ہوئی جب یاس اپنے مدعا مین + تضرّع کی جناب کبریا مین اتسلیم)
(۴) تہجّد (فقرہ) مین سنے دس برس سے کبھی تہجد تک قضا نہین کی (رقعات مولانا انوار احمد ٹونکی)
(۵) ترشّح مختلف فیہ ہے ه خدا کے واسطے لا کشتی سے جلد اسے ساقی + ترشح ہورہا ہے کچھ ہوا سے سروساحل کی (امیر)
(۶) تقیّد فقرہ - اگر حضوری دربار کا تقیّد نہ لگایا جائے تو اس خدمت کے قبول کرنے مین مجھے کوئی عذر نہین ۱۲
(۷) تعفّن ه ہمیشہ ہمین چاہیے حفظ صحت + تعفّن بری ہے مضر ہے بلا ہے (اختر)
انتباہ - پچھلے تین الفاظ مختلف فیہ ہین ۱۲
(۹) اِفعِلال - مذکر - مثلاً، اصفرار، اغبرار، اخضرار، اسوداد، ابیضاض
(۱۰) اِفعِوّال - مذکر - مثلاً، اخروّاط، اعلوّاط -
(۱۱) اِفعِیلال - مذکر - مثلاً - اشہیباب، ادہیمام -
(۱۲) اِفعِیعال - مثلاً - اخشیشان، اخلیلاق، احدیداب -
نمبر ۹ سے لیکر ۱۲ تک یہ اوزان اردو مین نہین پائے گئے - ہم نے اصول زبان و فلسفہ تذکیر و تانیث کے لحاظ سے انکو مذکر قایم کیا ہے - ۱۲

مصادر رباعی مجرّد و مزید فیہ

قیاسی (۱۳) (۱) فَعلَلَہ | مذکر - مثلاً - زلزلہ، ترجمہ، وسوسہ، ولولہ، عنعنہ، شعبدہ، عربدہ وغیرہ

ه ہے یہ نمایش تری اسے خود نما + شعبدہ اک وہم غلط کار کا - (حالی)
(۲) فِعلال - بالکسر - مذکر - مثلاً، سرداف، زلزال، دحراج - عنوان،

ہ بھیجتے تھے خط ہمین پہلے وہ جس عنوان سے + اب تو اک مدت سے وہ عنوان بھی جاتا رہا - (ظفر)

(۳) فُعلان - بالضم - مذکر - مثلاً عنوان وغیرہ -

مستثنے :- برہان ہ کہون اک شعر مین ہجری و مسیحی تاریخ + یہی برہان منیر اپنے تبحر کی ہے (منیر)

(۴) فَعلان - بالفتح - مذکر مثل تزلزل - خرطال -

قیاسی (۱۴) تفعلل بالضم لام اول | مذکر، تبختر، تسلسل، تزلزل، تذبذب، تمسخر ہ کرتے ہین بھونچال خالم جنبش

ابرو تری + سرزمین ملک دل مین یہ تزلزل کیون ہوا ؟ (ظفر)

قیاسی (۱۵) اِفعلال | مذکر - مثلاً - اطمینان، اضمحلال ہ کچھ طبیعت کو جو اضمحلال تھا + کیا کہون اس جور کا کیا حال تھا - (ناصر)

قیاسی (۱۶) اِفعلال | مذکر، ابلنداغ، انعکاس، اخرنجام، (مگر یہ وزن اردو مین مستعمل نہین - مولف ۱۲)

مذکورہ بالا مصادر جن مین تعلیل ہو -

قیاسی (۱) افعال از اجوف | ارادت (تاے قرشت سے) مونث، مثلاً اہانت، امانت، اِبانت، اِجازت، اِصابت، اِدارت، اِشاعت، اِفادت - رقامت، اطارہ ہ وصل کی سن کے دعا تم نے بھی آمین کہی + اب اگر صدقے تو قربان اجابت ہوگی - (امیر)

اِرادہ (ہاے ہوز سے) مذکر - اِشارہ، اِفادہ، اِحاطہ، اِمالہ، اِضافہ - ازالہ، اِعادہ، اِفاقہ، اِجارہ -

ہ بری انحسار کوئی اس سے باہر ہو نہین سکتا + احاطہ قاف سے تا قاف ہے اپنے

تصور کا۔ (اسیر)

قیاسی (۲) اِستِفعَال از اجوف — اِستِفَاعَت (تاے قرشت سے) مونث۔ مثلاً۔ اِستِطَاعَت، اِستِقَامَت، اِستِجَازَت وغیرہ ؎ عاشق شیدا کا دم نکلا ہے قد کی یاد مین + استراحت کی ہے برسون سایہ شمشاد مین (اختر)

اِستِفَاعَہ (ہاے ہوز سے) مذکر۔ مثلاً۔ اِستِعَارہ، اِستِحَالہ، اِستِغَاثہ، اِستِفَادہ وغیرہ ؎ شوق سے عزم بیابان جنون اب کیجیے + دانۂ زنجیر سے بھی استخارہ ہوگیا (ناسخ)

قیاسی (۳) مُفَاعَلَہ از ناقص — مونث، مثلاً۔ مُلَاقَات، مُبَاہَات، مُدَارَات، مُسَاوَات، مُکَافَات، مُنَاقَات، مُنَاجَات، مُحَاکَات، مُرَاعَات، مُنَادَات وغیرہ بعض شعرا مُنَافَات کو مذکر کہتے ہین یہ کسی طرح درست نہین ؎ نہ وہ صحبت، نہ وہ الفت، نہ مُدارات رہی + آٹھوین ساتوین کی مجھ سے مُلاقات رہی (رند)

ف۔ مُدَارَا، مُدَاوَا، مُوَاسَا، مُحَابَا وغیرہ جنکو شعراے فارس نے تصرف کرکے (تے) کے بغیر بھی لکھا ہے، مذکر مستعمل ہوتے ہین ؎ مُداوا ترے کشتگان ستم کا + خدا جانے عُقبیٰ مین کیا ہورہا ہے (داغ)

قیاسی (۴) تَفَعُّل از ناقص — مونث، مثلاً۔ تَعَلِّی۔ تَعَدِّی۔ تَسَلِّی۔ تَہَجِّی، تَحَرِّی وغیرہ۔

ف۔ تَوَلَّا، تَجَلَّا، تَمَنَّا، کو اہل فارس نے الف سے استعمال کیا ہے، ان مین سے تَوَلَّا اور تَجَلَّا مذکر ہین مگر تَمَنَّا مونث ہے ؎ نظر آتی نہین اب دل مین تمنا کوئی + بعد مدت کے تمنا میری بر آئی ہے (حالی)

قیاسی (۵) تفاعل از ناقص | مونث۔ مثلاً، تلافی، توالی، تمادی، تغابی، تماشی، تقاضی، تحاشی، تقاوی وغیرہ ؎ اگر غفلت سے

باز آیا جفا کی ✦ تلافی کی بھی ظالم نے تو کیا کی۔ (مومن)

ف۔ تماشا، تقاضا، تحاشا، وغیرہ جو تماشی۔ تقاضی و تحاشی کے مفرس ہین۔ مذکر مستعمل ہوتے ہین ؎ ہون رگین خلق بریدہ کی ہمارے خونبار ✦ گر تماشا تمہین منظور ہو فوارونکا۔ (ذوق)

مصادرِ ثلاثی مجرد

قیاسی (۱) فُعل۔ بالضم | مذکر۔ مثلاً، عجب، عذر، عرف، عرس، ظلم، شبہ، قرب، بعد، شرب، فحش، غسل، یسیر، عسر، حزن، حسن، کفر، حکم، خبث، شکر، سکر، زعم وغیرہ ؎ عذر اُن کی زبان سے نکلا ✦ تیر گویا کمان سے نکلا۔ (داغ)

مستثنیات:۔ (۱) صنع (۲) فتح (۳) جہد (۴) نصح (۵) صلح ؎ پھر کوئی ملنے کی طرح نہ ہوئی ✦ صلح اب کی کسی طرح نہ ہوئی۔ (مومن)

قیاسی (۲) فِعل بالکسر۔ مذکر | مثلاً۔ علم، عطر، صفر، ضمن، شعر، فطر، کبر، حرز، حفظ، حلم، سحر، فسق، خلط، شبہ، ذکر

مستثنیات:۔

(۱) حرص ؎ لیگئی ہند سے تا شام امیر ✦ ہمکو اُس زلف سیہ فام کی حرص (امیر)

(۲) ضد ؎ اس فتنہ گر کو رحم تو کیسا؟ ضد آگئی ✦ جب ہم نے آہ کی تو جفا اُس نے اور کی (داغ) (۳) فکر مختلف فیہ ہے، اہل دہلی مذکر اور اہل لکھنؤ مونث کہتے ہین۔

(۴) فقہ

سماعی (۳) فعل | مثلاً، فتح، سطر، قدر، ضرب، کسر، عقل مونث ہین اصد حل

حمل، کشف، فرق، حصر، مذکر ؎ ٹوٹا جو دل تو ہاتھ لگی مجھ کو زلف یار + بعد شکست فتح من اللہ ہو گئی۔ (اسیر)

قیاسی (۴) فِعَل۔ بکسر اول و فتح ثانی، مذکر | مثلاً صِغَر، کِبَر۔

قیاسی (۵) فُعُل بضمتین۔ مذکر | مثلاً۔ عُمُق۔ حُمُق، سُقُم، خُلُق ؎ علم اسرار کا گو دعویٰ تھا + تو بھی اِس درجہ حُمُق اُس کا تھا (ناسخ)

قیاسی (۶) فُعُول بضمتین مذکر | مثلاً دُخُول، شُمُول، خُرُوج، ثُبُوت۔ جُلُوس حُدُوث، حُصُول، قُصُور، خُسُوف، کُسُوف خُشُوع۔ خُضُوع۔ عُلُو۔ طُلُوع۔ غُرُوب، بُطُون، ذُہُول، ظُہُور۔ شُعُور، سُکُوت لُزُوم، وُجُوب، شُیُوع۔ حُلُول، حُضُور۔ وُثُوق، وُجُود، ہُبُوب، دُرُود، وُصُول وُقُوع۔ وُصُول وغیرہ ؎ پکے اغیار وجد کرتے ہیں + جیسے شیطان نے حُلُول کیا۔ (مسرور)

مُستثنیات:۔

(۱) رُجُوع مختلف فیہ ہے مگر ترجیح تانیث کو ہے ؎ ایسا طبیب کون ہے اے گل کہ بار ہا + تجھ سے رُجُوع نرگس بیمار نے کیا۔ (ناسخ)

؎ دل اُس صنم سے دم نزع پھر گیا اے برق + رجوع اور سے کی جب مرض کو طول ہوا (برق) (۲) دُرُود۔ مختلف فیہ ہے، مگر بقول مولانا سید انوار احمد صاحب مذکر زیادہ فصیح ہے ؎ سوتے میں شغل طاعتِ رب وَدُود تھا + دل میں خدا کی یاد تھی لب پہ دُرُود تھا (انیس)

؎ کیا قبر ناتوان کی ترے بے نمود ہے + افسوس فاتحہ ہے نہ جسکی دُرُود ہے (داغ)

قیاسی (۷) فَعُول، بفتح فا۔ مذکر | مثلاً، وَضُو، قَبُول وغیرہ ؎ نہائے خون سے ہم ہاتھ جان سے دھوئے + یہ غسل آیا ہمیں اور

یہ وضو آیا۔ (وزیر)

قیاسی (۸) فَعَل بفتحتین۔ اکثر مذکر ہوتا ہے مثلاً عَمَل، حَزَن، کَرَم، قَلَق، مَرَض، عَرَق، وغیرہ کبھی مونث۔ مثلاً خَبَر، غَرَض، طَلَب ؎ رحم مادر ہی سے جب پیدا ہوا تکلیف سے + یان کہاں راحت کہ تو کرتا ہے راحت کی طلب۔ (ذوق)

قیاسی (۹) فَعَلَت۔ بالفتح (تاے قرشت سے) مونث مثلاً دَہشت، وَقعت، رَاحت، غَفلت، رَحمت، رَافت وغیرہ۔ ؎ یہی حالت ہے گر اپنے دل کی + مر کے بھی خاک نہ راحت ہوگی (امیر)

مستثنیات:۔ (۱) حَضرَت ع فرمایئے تعمیل کرون کچھ مرے حضرت۔

(۲) شَربَت ؎ پوچھے ہے کیا حلاوت تلخانۂ سرشک + شربت ہے باغ خلد برین کے انار کا (ذوق)

(۳) قَامَت) مختلف فیہ، اکثر شعرائے لکھنؤ اسکی تانیث پر زور دیتے ہین۔ مگر بقول مولانا مجیب احمد صاحب تمنائی اور مولوی امیر علی صاحب مذکر ہی فصیح ہے۔

قیاسی (۱۰) فَعلہ بفتح فا (ہاے ہوز سے) مذکر مثلاً وَرثہ، وَسمہ، دَفعہ، نَزلہ، نَشہ، لَمحہ، لَمعہ، لَہجہ، ہَمزہ،

مستثنیات:۔ (۱) تَوبہ۔ مختلف فیہ ہے، مگر فی زماننا (بقول سید محمد احسن صاحب) مونث ہی ہے ؎ دل شکستہ ہے جو توبہ تو عجب کیا زاہد + ہے نکالی ہوی صحبت یہ میخوارون کی (امیر)

(۲) دَفعہ، فقرہ، (اس امر سے دفعہ (۷) متعلق ہوگی۔

(۳) خَتنہ۔ بعض اصحاب مونث کہتے ہین مگر مذکر صحیح ہے ؎ ایک سنت سے ہوگئے فارغ + کر دیا جو خلیل کا ختنہ۔ (لا اعلم)

قیاسی (۱۱) فِعلَت - بالکسر (تاے قرشت سے) مونث | مثلاً - نِسبت، ہجرت، حکمت، عبرت، عفت

رفعت وغیرہ، ؎ ہجرت زمینِ کعبہ سے جب مصطفی نے کی + اُس روز مصطفیٰ کی مدد مرتضیٰ نے کی (انیس)

مستثنیٰ (۱) خلعت ؎ چھپتا نہین نظرون مین یہان خلعت سلطانی + کملی مین مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا (حالی)

بعض لوگون نے مونث بھی کہا ہے جو درست نہین،

قیاسی (۱۲) فِعلَہ - بالکسر (ہاے ہوز سے) مذکر | مثلاً، سجدہ، حرفہ، قبلہ، ؎ خلق کی پیشانیون پر ہے یہی مضمون رقم + سجدہ واجب ہے ترے دروازے کے محراب کا - (ناسخ)

مستثنیات :- (۱) فِضّہ (۲) جنّہ -

قیاسی (۱۳) فُعلَت، بالضم (تاے قرشت سے) مونث | مثلاً، وُسعت، نُدرت، کُلفت، صُحبت، فُرقت، عُزلت

وغیرہ ؎ وہ کام کر کے تجکو کشادہ ملے لحد + کیا چاہیئے مکان مین وسعت زمین کی (امیر)

قیاسی (۱۴) فُعلَہ، بالضم (ہاے ہوز سے) مذکر | مثلاً، عُقدہ، شُعبہ، عُمرہ ؎ ترے جوڑے کے کھلنے نے مرا دل داستان باندھا + عجب تقدیر نے عقدہ وہان کھولا یہان باندھا (ذوق)

مستثنیٰ :- سُبحہ -

قیاسی (۱۵) فَعلَت - بفتحتین (تاے قرشت سے) مونث | مثلاً، برکت، عظمت، حرکت - وغیرہ ؎

اسے غم سے بھی دل نہین بھرتا + برکت اٹھ گئی زمانے سے - (امیر)

قیاسی (۱۶) فَعَلَہ بفتحتین (ہاے ہوز سے) مثلاً، غَلَبَہ ؎ غفلت اہل جہان تہ
دامنی کی ہے دلیل + غلبہ ہوتا ہے
رطوبت سے مقرر خواب کا۔ (ناسخ)

قیاسی (۱۷) فَعِلَہ، بفتح اول وکسر ثانی (ہاے ہوز سے) مذکر مثلاً۔ سرقہ، ترکہ وغیرہ

قیاسی (۱۸) فَعَالَت، بالفتح (تاے قرشت سے) مونث مثلاً وَساطت، وَکالت، وَجاہت، نخافت، ندامت
سلامت، کرامت ؎ بندے نے کسی مین یہ کرامت نہین دیکھی + واللہ یہ ہمت
یہ سخاوت نہین دیکھی (انیس)

قیاسی (۱۹) فِعَالَت، بالکسر (تاے قرشت سے) مونث مثلاً عِبارت، عِبادت، رِوایت، حِکایت، وِراثت
وغیرہ ؎ ہمیشہ آگے بھی آتے تھے خط پر ایک بار + عبارت اُسنے لکھی نامہ برا نوکھی سی۔
(ظفر)

قیاسی (۲۰) فُعَالَت، بالضم (تاے قرشت سے) مونث مثلاً، بُغاوت ؎ آنسوؤن نے
ڈبویا دلکو + فوج نے شاہ سے
بغاوت کی۔ (داغ)

قیاسی (۲۱) فُعُولَت، بالضم (تاے قرشت سے) مونث مثلاً حکومت، خصومت
کدورت، نحوست
نحوست ؎ کشور دل مین ہو پرونکی بھی شاہی تری + قاف تا قاف حکومت ہو الٰہی تیری (ابھا)

قیاسی (۲۲) فَعَلُوت۔ (تاے قرشت سے) مذکر مثلاً، جبروت، ملکوت، لاہوت
ناسوت، تالوت، طاغوت

قیاسی (۲۳) فَعِیلَت، (تاے قرشت سے) مونث – مثلاً وَدِیعَت، شَرِیعَت، عَزِیمَت، عَقِیدَت ؎ ہو گئے محو

بدن نوکِ زبان بحرِ دعا ✦ جوش مین دلکی طرح دلکی عقیدت آئی (امیر)

قیاسی (۲۴) فَعِیلَہ (ہاے ہوز سے) مذکر – مثلاً، وَسِیلَہ، وَثِیقَہ، وَتِیرَہ، وَظِیفَہ، لَطِیفَہ، ضَمِیمَہ، ؎ یار کو لاکھا جانے

کا وتیرہ ہوگیا ✦ دعوت لب خونِ ناحق کا ذخیرہ ہوگیا (منیر)

قیاسی (۲۵) عِلَہ (ہاے ہوز سے) مذکر – مثلاً صِلَہ، ہِبَہ، زِنَہ (دراصل وَصل وَہب وَزن) ؎ عزیز کیون نہو داغ اُس کی

بیوفائی کا ✦ کہ ہے صِلہ یہی مدت کی آشنائی کا۔ (امیر)

قیاسی (۲۶) عِلَت (تاے قرشت سے) مونث – مثلاً صِفَت – (دراصل وَصف) ؎ واعظ تری سمجھ کے بھی

قربان جائیے ✦ قرآن مین تو طہور صفت ہے شراب کی (امیر)

قیاسی (۲۷) فَعَلَان، بالفتح مذکر – مثلاً، مَیلَان، ہَیجَان، دَوَران۔ سَیلَان، خَلجَان، ؎ کچھ روز دن غفلت مین پھرے

ہم ڈھونڈتے آسایش کو ✦ کھلگئی جب دنیا کی حقیقت کچھ نہ رہا خلجان ہمین – (حالی)

قیاسی (۲۸) فِعلَان، بالکسر۔ مذکر – مثلاً حِرمَان، کِتمَان، نِسیَان، عِرفَان، عِصیَان ؎ ابروے یار دیکھ کے اب بھولنا محال ✦

بالاے طاق آج سے نسیان رہگیا – (منیر)

قیاسی (۲۹) فُعلَان، بالضم مذکر – مثلاً، بُطلَان، غُفرَان، رُجحَان، کُفرَان، طُغیَان – طُوفَان، نُقصَان – بُہتَان – بُحتَان، بُحرَان، قُرآن، قُربَان، فُقدَان ؎ نہین ہے معتقد حاسد اگر میرا تو کیا غم

ہے + ہوا ہے سجدہ ابلیس کیا نقصان آدم کا (ناسخ)

قیاسی (۳۰) فَعَلان بفتحتین، مذکر | مثلاً، خفقان، جولان - ہذیان، نزوان، غثیان ؎ گھر سے عاشق کے نہ جانا تھا خفا ہو کے تجھے + کہ ترا جانا اور اُس کا خفقان ہو جانا (ظفر)

قیاسی (۳۱) فُعلیٰ (بحرکات ثلثہ والف مقصورہ) مذکر | مثلاً، دعویٰ، ذکریٰ، بشریٰ ؎ الٰہی داد خواہوں پہ بنیگی کیا قیامت + وہ فرماتے ہیں کیا دعوے پہ دعویٰ ہو نہیں سکتا، (داغ)

قیاسی (۳۲) فعولیت بالضم، مونث | مثلاً، خصوصیت، عبودیت ؎ مسلم ہے خدا اور بت پرستی + بتاؤ یہ عبودیت ہے کیسی - (اختر)

قیاسی (۳۳) فاعلت مونث | مثلاً عافیت، عاقبت ؎ دنیا میں غم رقیب نے ہمکو دیئے اسیر + کیوں عاقبت خراب نہو اُس یزید کی - (اسیر)

قیاسی (۳۴)، وہ اسماء جنکے آخر تا سے مصدری آ سے مونث ہوتے ہیں | مثلاً محویت کیفیت

ہوائیت، ماہیت، حقانیت، نفسانیت، جسمانیت، انسانیت، واقفیت، جاہلیت، جامعیت، علمیت، عصبیت، روحانیت، اخوت، اہمیت صلاحیت، کراہیت وغیرہ وغیرہ

؎ وہ نہیں ملتے کسی انسان سے + اتنی بھی انسانیت جاتی رہی - (اختر)

(۳۵) مَفعَل، بفتح میم وفتح ثالث وکسر، اکثر مذکر ہوتا ہے مثلاً مصرف، مطلب، مذاق، مقال، (دراصل مذوق مقول) مقصد، منصب ؎ عشق بجز

بھی تھا خدا مطلب + ادوا شد کچھ نہ تھا مطلب (امیر)

مستثنیات: معاش، معاد، مجال ؎ ہر ایک مو ہو بدن پر مرے دہن گویا + مجال ہو جو ترے آگے گفتگو کی مجھے (ظفر)

(۳۶) مَفْعَلَہ (بفتح میم وعین بزیادۃ ہاے) مذکر، مثلاً، مشغلہ، مضحکہ، مفسدہ، مظلمہ ؎ تڑپ ہے اسکو جو ناوک کی اُسکو پیکان کی + وہ مشغلہ ہے جگر کا یہ شغلہ دل کا (امیر)

(۳۷) مَفْعَلَت (بفتح میم وعین بزیادۃ تا) مونث، مثلاً، منفعت، محبت، مصلحت، مذلت، مسرت ؎ لب پہ تحریک کی آواز نے باندھا احرام + دل مین کہتی ہوئی تکبیر مسرت آئی (امیر)

(۳۸) مَفْعِلَہ (بفتح میم وبکسر عین بزیادۃ ہاے ہوز) مذکر، مثلاً، مرثیہ، معرفہ، مظنہ ؎ اک ہفتہ دوست کی ہے شکایت حضور سے + سُن لیجئے یہ مرثیہ ہے سات بند کا (منیر)

(۳۹) مَفْعِلَت (بفتح میم وبکسر عین بزیادۃ تا) مونث، مثلاً، معذرت، معرفت، منزلت ؎ بو نہین رنگ نہین نور نہین نار نہین + معرفت کیون نہو دشوار الٰہی تیری (امیر)

(۴۰) فَعَال - بالفتح مذکر، مثلاً جواب، صواب - خلال، جمال، کمال، جواز، وبال، وقار، سماع وغیرہ ؎ غم اور اتنے بڑھے جسقدر وقار ہوا + ثمر نخل ثمردار سنگبار ہوا - (برق)

مستثنیات: (۱) فلاح (۲) صلاح (۳) جناب (مگر جب کلمہ تعظیمی ہوتا ہے تو مذکر بولا جاتا ہے-) ؎ ہمکو نہین بحث عذاب وثواب سے + تیری رضا ملے ہمین تیری جناب سے (نذیر احمد)

(۴۱) **فِعَال**، بالکسر- مذکر | مثلاً، قیاس، قیام، جرات وغیرہ

(۴۲) **فُعَال**، بالضم، مذکر | مثلاً، سوال، ؎ آرزو وصل کی اچھی یہ خیال اچھا

ہے + ہائے پورا نہین ہوتا ہے سوال اچھا ہے (امیر)

اَسمائے مُشتقہ

(۱) اِسم آلہ از مصادرِ مزید فیہ، مذکر، مثلاً، مابہ الامتیاز، مابہ الاحتیاج، مابہ النزاع ما بہ الاختلاط،

(۲) مُرکبات جو ماسئے موصولہ اور فعل یا جار مجرور سے بنتے ہین، مذکر مستعمل ہوتے ہین۔ مثلاً ماحضر، ماحصل، مابقی ماقبل، مابعد، ماحول، مافی الضمیر، ما فیہا، مابین، مایحتاج۔ مایقرا، مافات وغیرہ وغیرہ۔

؎ غم فراق نے کیا حال کر دیا دل کا + سنو تو عرض کرون تم سے ماجرا دل کا۔ (ایضاً)

(۳) اَعداد ذاتی مثلاً عشرہ، خمسہ، اربعہ، اربعین وغیرہ وغیرہ

؎ ستہ کل سے شروع ہو شاید + اربعہ آج ہم نے ختم کیا (شوق)

(۴) اعداد صفتی مثلاً ثانی، ثالث، خامس، ثامن وغیرہ

؎ لطف اُس کا ہین سبے ہم وانی نہ ملیگا + اس مطلع برجستہ کا ثانی نہ ملیگا۔ (مونس)

(۵) اَعداد کسری، مثلاً نصف، ثلث، ربع، خمس، عشر، سدس وغیرہ۔

ہر قسم کے اعداد وضعاً صفت ہوتے ہین، خواہ کسی زبان کے ہون، مثلاً چار مرد، پنج روپیہ، ثلث رقم حاصل ہوگئی، آصف سادس، اِمام ثامن وغیرہ وغیرہ مگر جب معدود مقدر رہتا ہے تو مذکر مستعمل ہوتے ہین جیسے اسکا خمس منہا کر لیا جاسے، آج دکن مین اُن کا ثانی نہین،

(۶) فاعل، مذکر، مثلاً۔ حاصل، آخر، راتب، باعث، باطن، طالع وغیرہ ؎ خدا نے دیا ہے صفائی کا جوہر + جو ظاہر ہمارا وہ باطن ہمارا (داغ)

؎ ہین نہ تڑپا جو دم ذبح تو یہ باعث تھا + کہ رہا مدنظر عشق کا آداب مجھے (ذوق)

مستثنیٰ:- (۱) جَایِب (۲) شَایِع (۳) خَاطِر ؎ ہمہ تن فکر ہوں میں فکر غزل کیا ہو امیرؔ * شعر گوئی نہیں خاطر سے فقط یاروں کی - (امیر)

قیاسی (۷) **مَفعُول** مذکر، مثلاً، مَضمُون، مَقدُور، مَحصُول، مَعمُول - مَقصُوم
مَفعُولہ مَکتُوب، مَذکُور، مَلبُوس - مَنشُور ؎ مقدور کسکو حمد خدا کے

جلیل کا * اسجا پہ بے زبان ہے دہن قیل وقال کا (ظفر)

مستثنیات:- (۱) مَعجُون - بعض مذکر کہتے ہیں مگر اتفاق مونث پر ہے - ؎ زرِ گل سے حسینانِ جہاں غازہ بناتے ہیں * اسی نسخے سے معجون طلا دن رات بنتی ہے (منیر)

(۳) مَعقُول، جیسے میں نے معقول علمائے فرنگی محل سے پڑھی ہے -

(۴) مَعلُومَات - (۵) مَوجُودَات - (۶) مَعقُولَات ان کی نظیر کے لیے جمع کے بیان میں ملاحظہ ہو -

(۷) مَخلُوقَات، ؎ واقعی انسان ہے اشرف ساری مخلوقات سے * لاکھ پریوں کو بھلا دیتا ہے اک انسان مجھے (ناسخ)

(۸) ؎ اُجاڑے ہیں گھر تو نے کافر بہت * کہاں جائے مخلوق اللہ کی (داغ)

اِنتباہ- نمبر ۴، ۵، ۶، اگرچہ جمع کے صیغے ہیں مگر واحد مونث مستعمل ہوتے ہیں اِلّا معلومات کے جو کبھی خصوصاً اہل لکھنؤ کے نزدیک جمع مذکر بھی مستعمل ہوتا ہے -

(۸) **فَاعِلَہ** (ہائے ہوز سے) مذکر - مثلاً - دَاخِلَہ، ضَابِطَہ، جَابِزَہ، حَادِثَہ، جَادَہ، (دراصل جادّدہ) خاصّہ (اصلہ خاصِصَہ) ؎ بھولے نہ اپنی یاد یہ انسان کو چاہیئے * آخر بشر کا خاصّہ ہے سہو اور خطا (حالی)

مستثنیات:-

الف (۱) فَاتِحَہ، مختلف فیہ مگر فی زمانا مونث ہی مستعمل اور درست ہے ؎ فاتحہ تھا کس شہیدِ عشق کا * رات بھر درگاہ میں ماتم رہا (ہجر)

ے فاتحہ ہو کہاں سے میت کی + لے گئے دھو کے سیم وزر وارث (حالی)

(۲) فاختہ اگرچہ فاعل کا وزن ہے مگر زبانوں پر سکونِ خاے معجمہ سے مستعمل ہے ؎ ے
تواپنے بھولے پن سے شیدا ہوئی ہے ورنہ + اسے فاختہ دہرا کیا ہے سروونارون مین (حالی)

(۳) صاعقہ، مگر مولوی امیر علی صاحب لکھنوی کے کلام مین مذکر پایا گیا ہے -

(ب) صفات - مونث حقیقی، مثلاً، حاملہ، قابلہ، فاحشہ، عاصمہ وغیرہ ؎ دُختر
رز سے تو ہرگز نہ ملون گا ساقی + کیون کہ یہ فاحشہ ہر اک سے جا کہتی ہے - (لا اعلم)

(۹) فاعلت - (تاے قرشت سے) مونث، مثلاً آخرت، عاقبت، وغیرہ

اِنتباہ:- (۱) کائنات (۲) حاضرات (۳) واردات وغیرہ جو فاعلہ کی جمع ہین اردو
مین واحد مونث مستعمل ہوتے ہین ؎ تال کا رہے دو گز زمین کفن دس گز + بڑی بساط
نہین کائنات اتنی ہے - (بحر) دیگر نظیرین جمع کے بیان مین ملاحظہ ہون -

(مصادر مزید فیہ سے جسقدر اسمارِ مشتق ہین مذکر مستعمل ہوتے ہین)

(الف) اسمارِ مفعُول

(۱۰) مُفعَل / مُفعَلہ } مثلاً مُصحَف - مُرسَلہ ؎ خلق نے قرآن دیکھا جب ہوا ماہِ رجب +
ہم نے دیکھا مُصحفِ رخسار اپنے ماہ کا - (ناسخ)

(۱۱) مُفعَّل / مُفعَّلہ } مثلاً مُلخّص، مُونّث، مذکر، مُحصّل، مُثلّث، مُشجّر، مُرقّع، مُقدّمہ
مُقدّر، فقرہ حسنیٰ احسن کا مونث ہے ؎ معمار ترے گھر کا تھا شاید
کوئی شاعر + کیا خوب کیا نظم مثلث سہ دری کا - (اسیر)

(۱۲) مُفتَعَل (از افتعال) مثلاً مُقتضیٰ، منتہیٰ وغیرہ کہ اصل مین مُقتضَی، مُنتہَی ہین ؎
گو آدمی کا حافظہ کیسا ہی ہو قوی + پر بھول چوک ہے بشریت کا مقتضا (حالی)

مستثنیٰ:- مُعتاد -

(۱۳) مُستَفعَل (از استفعال) مثلاً مُستزاد، مُستثنیٰ وغیرہ ع سرگین آنکھ کی تعریف
مین مصرع لکھکر * مستزاد اور لگا دیتے ہین دنیا کا لے۔ (امیر)

(۱۴) مُفعلَل (از فعللہ) مثلاً مُزعفر
مستثنیٰ: مُسَلسَل

(ب) اسمائے فاعل

(۱۵) یہ بھی مثل اسمائے مفعول کے مذکر مستعمل ہوتے ہین مثلاً مُحیط، مُنضج، مُوجب،
مُسہل، مُوکل، مُضارع وغیرہ ع کوئی کہتا ہے دکھو مُمتلی ہے نبض مسہل دو * لیکن
پیشتر سے گر کوئی مُنضج پلاتا ہے۔ (مومن)
مُہم، مُشکل، چند لفظ مستثنیٰ ہین ع مشکل آسان نہ ہوئی تیرے گنہگارون کی * حیف
مُنہ موڑ گئی باڑ ہی تلوار دنکی۔ (امیر)

(ج) اسمائے ظرف

(۱۶) مَفعَل (بفتح میم و بفتح و کسر عین) مذکر مثلاً مَاخذ، مَآل، مامن، ماوا، مجمع، مجلس
محضر، محشر، محل، مخرج۔ مطبع، مقطع
مخزن، مدار، مدفن، مذہب، مرکب، مسلک۔ مسلخ، مشہد۔ منظر، منبع۔
مصدر، مطبخ، مشرب، مفر (در اصل مفرر) مقام، مزار، مکان (در اصل مقوم
مزور مکون) ع ہر طریقے سے یہ بڑھکر روش وحشی زلف * طرّہ ہفتاد و دو ملت پہ یہ
مذہب نکلا۔ (اسیر)
مرجع۔ مطلع، موقع، محل، موسم وغیرہ ع جتنا ہے عیش اُسقدر اُسکو نہین ثبات *
یہ موسم شتاب کیون نہ ہو محفل شراب کی (ناسخ)

مستثنیات :- محفل، مجلس، مسجد، مرفق، مقعد، مسند وغیرہم، مشرق، مغرب مختلف فیہ ہین، اہل لکھنؤ، جیسا کہ ناسخ کے مصرع " مرا سینہ ہے مشرق آفتاب داغ ہجران کا " سے ظاہر ہے، مذکر کہتے ہین، برخلاف اسکے دلی والے مونث کہتے ہین لیکن راقم کی یہ راے ہے کہ جب مشرق و مغرب بمعنی جاے شرق و جاے غروب ہون تو مذکر استعمال کرنے چاہیئن جیسے ایشیا کے مغرب مین روم اور عرب ہین اور بمعنی وقت طلوع و وقت افول مونث ہی مناسب ہین - مثلاً مغرب ہونے آئی -

(د) اسماے ظرف از مزید فیہ

(۱۷) اسم ظرف از مصادر مزید فیہ مثلاً مخیّم وغیرہ ہوتے ہین -

(ہ) اسماء آلہ

(۱۸) مِفعَال کبھی مونث، مثلاً، مِقدار، میعاد، محراب، مسواک، میراث، مضراب، میزان، مقراض، منقار وغیرہ اور کبھی مذکر، مثلاً، معیار، مصراع، مضمار، میثاق، مہماز، مقیاس، مصداق وغیرہ مگر معرج مختلف فیہ ہے راقم کی زبان پر مونث ہے - ؎
کسی دل تک رسائی ہو سکے تو عرش ہے یہ بھی + عزیزو گر نہین معراج تمکو عرش اعظم کا (ناسخ)

قیاسی (۱۹) مِفعَلہ مذکر | مثلاً، مصرعہ، مقنعہ، منطقہ، مصقلہ، مِراۃ وغیرہ بلا استثناء، مِفعَل کبھی مذکر مثلاً، مصرع، مسطر وغیرہ ؎ ایک مصرع بھی نہ اُسکے وصف مین موزون ہوا + صورت عنقا دہان یلد کا مضمون ہوا - (وزیر)

کبھی مونث مثلاً، مشعل، مقنعہ ؎ فروغ شعلۂ رخسار آتشناک کیا کم تھا + دم رقص صنم مشعل زبردستی ہی روشن کی - (امانت)

(و) اَسمائے مُبالغہ

اسمائے مبالغہ کے لیئے عربی مین تذکیر تانیث کی کوئی علامت نہین ہے مثلاً کذّاب، طبّاع، ظلّوم، وغیرہ مذکرو مونث دونون کے لیے یکسان مستعمل ہے۔ ہائے ہوز کبھی تاکید اور کبھی تانیث کے واسطے بھی آخر مین لگائی جاتی ہے، مثلاً علّامہ وغیرہ۔ اردو مین بھی بعض الفاظ بلا ہائے ہوز مذکر مونث دونون کے لیے آتے ہین مثلاً بی بی فاطمہؓ بتول، زیب النسا بڑی طبّاع تھی، یہ مرد نہایت اخّاذ ہے ہندہ بڑی سیّاح ہے، اور بعض ہائے ہوز کے ساتھ مثلاً صدیق اکبر رضی اللہ عنہٗ، عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا وغیرہ بعض الفاظ کا اطلاق عورتون کے ساتھ مختص ہے مثلاً قطّامہ، شطّاح وغیرہ باقی الفاظ اصل کتاب مین دیکھو۔ بعض مبالغے کے الفاظ محض صفات کے طور پر مستعمل ہوتے ہین مثلاً ذخّار سمندر، موّاج دریا وغیرہ ہان یہ بات ذہن نشین رہے کہ اسم مبالغہ صفت مونث غیر ذی روح ہوتا ہے تو اردو مین ہمیشہ مذکر ہوتا ہے مثلاً سیّارہ، نظّارہ، کفّارہ ؎ زیر شمشیر بھی نظّارہ قاتل نہ ہوا + خوب اسے حسرت دیدار میرا ساتھ دیا۔ (امیر)

(ز) اَسمائے پیشہ وَر

فعّال۔ یہ وزن عربی مین پیشہ ورون کے لیے مقرر ہے، اردو مین عموماً مذکر مستعمل ہے مثلاً، بقّال، قوّال، حکّاک، حجّام، بزّاز، طبّاخ، صرّاف، صحّاف، فرّاش حمّال، غسّال، دلّال وغیرہ تانیث کے لیے ہائے ہوز لائی جاتی ہے، مثلاً مشّاطہ، حمّالہ، غسّالہ، دلّالہ ؎ خون فرہاد سے تیشہ سے کھلا تالالہ + چادر اوڑھی ہے کھڑی پھیر تی ہے دلّالہ (آزاد دہلوی)

عربی الفاظ کی عربی جمُوع

جمع مُونث سالم

عربی مین بعض الفاظ (عَلَم مُونث عَاقِل صِفت مُونث عَاقِل و غیر عَاقِل وغیرہ) کی جمع (ا۔ت) سے بنتی ہے، گو عربی مین یہ تانیث ہے جیسا کہ اس کے نام جمع مونث سے ظاہر ہے مگر اردو مین اسکا استعمال دو طرح ہے، اوّلاً جب مذکر الفاظ کی جمع "ا۔ت" سے بنائی جائے تو وہ سب کے نزدیک مذکر ہی مستعمل ہوتے ہین، مثلاً خدشہ، الہام، قیاس، احتمال، اعتراض، صدمہ، صدقہ وغیرہ مذکر ہین جب اُن کی جمع خدشات، الہامات، قیاسات، احتمالات، اعتراضات، صدمات، صدقات وغیرہ بنائی جائے تو اُن کی تذکیر پر اہل لکھنؤ و دہلی دونون کا اتفاق ہے۔ ثانیاً وہ الفاظ جو واحد کی حالت مین مونث ہین جب اُن کی جمع "ا۔ت" سے بنائی جاسے تو اُسمین اختلاف ہے جہان تک ہم نے اس قسم کے الفاظ کا استقرا اور استنباط کیا اس قدر خلط مبحث پایا کہ کوئی قطعی فیصلہ نہین کیا جا سکتا۔ ایک ہی شخص چند الفاظ کو مذکر بھی کہتا ہے مونث بھی، تاہم کلیہ کے طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اکثر اہل لکھنؤ ان قسم کے الفاظ کو مذکر استعمال کرتے ہین اور اکثر اہل دہلی مونث، مثلاً آفات، عادات، صفات، بدعات، خدمات، حرکات، سکنات، جو آفت، عادت، صفت، بدعت، خدمت، حرکت، سکنت کی جمع ہین لکھنؤ مین تذکیر اور دہلی مین تانیث کے ساتھ مستعمل ہین۔

انتباہ۔ مونث حقیقی اس قاعدے سے مستثنےٰ ہے۔ وہ جمع مین بھی مونث ہی رہتا ہے یعنی یہ کوئی نہین کہیگا (خواہ لکھنوی ہی کیون نہ ہو) کہ "عرس مین ہزارہا مستورات

آئے تھے" حیدرآباد کے مستورات بھی انگریزی پڑھنے لگے ہین" بلکہ جمع مونث ہی کا صیغہ استعمال کرے گا۔ غالب ع تھین بنات النعش گردون دنکو پردے ہین نہان۔ ناظم نواب صاحب رامپور۔

ب ہے وہ بلبل کہ گل اپنا ہے گلستان اپنا + حورین اپنی ہین جنان اپنا ہے رضوان اپنا۔ مندرجہ ذیل الفاظ باوجودیکہ جمع مونث ہین لیکن بالاتفاق واحد مونث مستعمل ہوتے ہین۔

(۱) عنایات (عنایت کی جمع) رند ؎ کیا تعجب ہے کہ دو جام دئیے سب کسوا کب مرے حال پہ ساقی کی عنایات نہ تھی۔ (آزاد دہلوی)

؎ اُدھر سے جب یہ عنایات خسروانہ ہوئی + تو بزم قدس سے تہذیب ادھر روانہ ہوئی

(۲) کرامات (جمع کرامت کی) داغ ؎ اس بت کو ذرا دیکھ بھی لین حضرت صوفی + دیکھنے سے تو کچھ سلب کرامات نہ ہوگی +

؎ خرقہ سندیل رواست لئے جاتے ہین + شیخ کی ساری کرامات چلی جاتی ہے۔ (میر)

(۳) خیرات (جمع خیر) اسیر ؎ جام اگر ٹوٹ گیا کون کرامات گئی + خیر خم کی ہے ساقی تری خیرات گئی۔

(۴) تحقیقات (جمع تحقیق) فقرہ، ملزم گرفتار ہو چکا ہے سٹی پولیس مین تحقیقات ہو رہی ہے

(۵) صلوات (جمع صلوٰت) جرات ؎ شب کی صحبت پو چھتے کیا ہو دیکھ کے اُسکا حسن ملیح + جون جون زبان پر وزد ادھر تھا اور اُدھر صلوات رہی۔

(۶) واردات (جمع واردہ) رند ؎ بیان کیجئے کیا واردات اتنی ہے + وہ بولتے نہین کچھ منہ سے بات اتنی ہے۔

(۷) آیات (جمع آیۃ) ناسخ ؎ خار نورستہ نہ قرآن کو کردے منسوخ + لوح محفوظ سے اُتری ہے یہ آیات نئی۔

(۸) مخلوقات (جمع مخلوق) ناسخ ؎ واقعی انسان ہے اشرف ساری مخلوقات سے + لاکھہ پریون کو بھلا دیتا ہے اک انسان مجھے -
(۹) حکایات (جمع حکایت) سودا ؎ یا تو وہ شرم سے جو نہ بولا تو کیا ہوا + نظرون مین سو طرح کی حکایات ہو گئی -
(۱۰) کائنات (جمع کائنہ) حالی ع عرب اور کل کائنات اسکی یہ تھی + ناسخ ع کچھہ بڑی ایسی کائنات نہین - رند ؎ رونا اگر یہی ہے تو طوفان آئے گا + اشکون مین کائنات پھر سے گی بہی بہی -
(۱۱) حاضرات (جمع حاضرۃ) جان صاحب ؎ جب سے بچی کو سایہ کا ہے خلل + آئے دن حاضرات ہوتی ہے -
(۱۲) حوالات (جمع حوالۃ) تسلیم ؎ نکلا تھا گھر سے کوچۂ گیسو کی سیر کو + سنتا ہون مین کہ دلکو حوالات ہو گئی -
(۱۳) ظلمات (جمع ظلمت) منیر ؎ مسی جو لگا کر مجھے باتون مین اڑایا + اڑ جائے دھوان بنکے یہ ظلمات تمہاری -
(۱۴) موجودات (جمع موجودہ) مشتاق ؎ دل مین آکر بھید دل کا دستان لینے لگا + گھر کی موجودات میرا میہمان لینے لگا -
(۱۵) تعینات (در اصل جمع تعین تعینات) جماعہ دار کی تعینات قلعہ پر کردی -
(۱۶) تسلیمات (جمع تسلیم) مثل تسلیم کے یہ بھی واحد ہی مستعمل ہے مثلاً تسلیمات کی -
(۱۷) سکرات (جمع سکرۃ) فقرہ - دو روز سے سکرات لگی تھی -
(۱۸) اشارات (اشارہ کی جمع) ایک مشہور کتاب کا نام جو نصیر الدین طوسی کی تصنیف سے ہے کتاب کا نام مونث ہے، ورنہ جمع مذکر مثلاً فری میسن لوگون نے آپس مین خاص خاص اشارات مقرر کئے ہین -

(۱۹) مَعْلُومَاتْ (جمع مَعْلُومَۃ) مثلاً آزاد کی معلومات لٹریچر مین بڑہی ہوئی تہی کبہی جمع مذکر بہی آتا ہے - فقرہ - مین نے اپنے معلومات جمع کر دئے ہین -

(۲۰) معقولات (جمع معقول) مثل معقول کے واحد مونث ہے مثلاً شعار احمد نے معقولات مولوی عبدالحق خیرآبادی سے پڑہی -

(۲۱) حالات (جمع حالت) یہ لفظ ہمیشہ جمع مذکر مستعمل ہوتا ہے - میرے ۵ یہ کس طرح سے راز کہون مین زبان سے + حالات اس روش کے بڑے ہین بیان سے -

ے۵ یہ الفاظ اگرچہ اساتذہ کے کلام مین واحد مونث پائے گئے مگر ان کا جمع مونث ہی استعمال کرنا فصیح ہے -

جمع مکسّر

جمع مکسّر (ٹوٹی ہوئی جمع) جس مین واحد کی بنا لوٹ جاسے، عربی مین کُل جمع مونث کے مطابق یہ اور باقی سب جمعین مونث ہوتی ہین۔ بعض لفظ مثل کَلِم (کلمہ کی جمع) بوجوہ چند اسکے خلاف پاسے گئے ہین۔ اسی لیے اخلاق حمیدہ اجرام فلکیہ اَعضاے رئیسہ کتُبُ مُتَدَاوَلہ، وغیرہ کی صفات مونث لائی جاتی ہین بعض ناواقفیت کی وجہ زادَ وَتہٗ اَنعَا فَکُمُ وَمِثلَہَا کی جگہ زَادَ اَنطَا فَکُمُ بھی کہہ جاتے ہین، حالانکہ فاعل اَنطاف جمع مکسر ہونے سے فعل کا مونث ہونا ضرور ہے۔

اُردو مین اس کا حال بجنسہٖ جمع مونث سالم کا ہے یعنی مذکر الفاظ کی جمع سب کے نزدیک مذکر ہی مستعمل ہے۔ مثلاً طَعَام، وَصف، جِسم، فَلس کی جمع اَطعِمَہ، اَوصاف اَجسَام، فُلُوس تذکیر ہی کے ساتھ آتے ہین مگر مونث الفاظ کی جمع مین عجب طوفان بے تمیزی بپا ہے۔ اہل لکھنؤ اس بات پر زور دیتے ہین کہ جمع مکسّر (و سالم) کو مذکر ہی استعمال کرنا چاہیئے، خواہ واحد کی حالت مین مونث ہی کیون نہ ہو اور مدعی ہین کہ قدیم الایّام سے دہلی اور لکھنؤ دونون مین اب تک یہی رواج رہا ہے لیکن اپنے ثبوت دعوے مین شعراء دہلی کے کلام سے صرف چار لفظون سے زاید نہ پیش کر سکے [۱]

(۱) کُتُبُ، ذوق ؎ فائدہ کیا کہ جو دیکھے کتب ہر مذہب + فائدہ کیا جو ہوئی

---

[۱] یہ بحث اخبار مشیر دکن، اخبار المشرق، اور رسالہ فصیح الملک، وغیرہ مین ایک عرصہ تک چھڑی رہی جسکی وجہ سے مجھے یہ بیان بشرح و بسط لکھنا پڑا۔

کبھی ہورقت ۔ مگر اس شعر سے کتب کی تذکیر کسی طرح ثابت نہین ہوئی۔ جن صاحب نے اس شعر کو تذکیر کی سند مین پیش کیا ہے اُن کو مغالطہ لفظ دیکھے کی وجہ سے ہوا وہ اسکو ماضی سمجھے اور یون (دیکھے کو) جمع مذکر خیال کر لیا مگر حقیقت مین دیکھے مضارع اور واحد کا صیغہ ہے اس کا فاعل آدمی یا انسان مقدر ہے ۔ جملے کی تقدیر و ترتیب اس طرح ہے فائدہ کیا ؟ کہ جو آدمی کتب ہر مذہب دیکھے اور یہ بات ظاہر ہے کہ فعل مضارع مین تذکیر و تانیث کا لحاظ مفعول کے مطابق نہین کیا جاتا بلکہ فاعل کے لہذا یہان فعل (دیکھے) کا کتب پر کوئی اثر نہین ہے ورنہ آزاد دہلوی جیسا محقق اپنے اُستاد کے خلاف نہ کہتا ؎

کتُب عہدِ قدیم اُمین سجائی تھین سب = عہد آیندہ کی تصویرین لگائی تھین سب

(۲) اقسام ، میر ؎ ہوے اتنے اقسام ماہی شکار + نہ آوے قسم کھاے بن اعتبار * مگر میر کے زمانہ تک تذکیر و تانیث کا زیادہ لحاظ نہین کیا جاتا تھا ان کے معاصرین میا مرزا سودا مزار کو مونث سیر و خلش کو مذکر لکھتے ہین ۔ میر سوز جان کو مذکر لکھتے ہین ۔ ؎ مرا جان جاتا ہے یارو بچا لو + کلیجے مین کانٹا گڑا ہے نکالو ۔ وَقِس عَلَیہَا البَوَاقِی

(۳) اشفاق ، داغ ؎ سلطانِ دکن کے ہوئے اشفاق بہت + اشخاص سے نے مجھ سے کیئے اخلاق بہت ۔

ممکن ہے کہ قیام رامپور مین شعرائے لکھنؤ کی صحبت دیرینہ کا اثر ہو ۔

(۴) قُوئی ۔ غالب ؎ مضمحل ہو گئے قوی غالب + اب عناصر مین اعتدال کہان ؟ بالاتفاق مذکر ہے اگر ان چار دن کو اور نہ صرف ان چار کو بلکہ بعض اور الفاظ کو بھی مذکر مان لیا جاے تو کیا ان چند الفاظ کا قاعدہ کلیہ قرار دیا جا سکتا ہے ؟ حالانکہ اِس سے زاید الفاظ جو جمع مین مونث مستعمل ہوئے ہین لکھنؤ والون کے کلام مین موجود ہین ۔ امیر مرحوم نے جو مسلم الثبوت شاعر تھے اپنی امیر اللغات مین تمام

وغیرہ کو مونث ہی لکھا ہے۔ علیٰ ہذا رشک - کیف - شرر - محمد علی - سرشار - تسلیم - عاشق
ناصر - سب ہی کے کلام مین اس قسم کے الفاظ پائے جاتے ہین - ان کو کیونکر غلط
کہا جا سکتا ہے - ہان یہ بات اور ہے کہ جن کے کلام سے شواہد پیش کیے جائین اُنکے
اہل لکھنؤ ہونے کا انکار کر دیا جائے -

اودہر اہل دہلی کا استدلال ہے اور بجا ہے کہ جو لفظ واحد مین مونث ہے جمع مین
بھی لامحالہ مونث ہی ہونا چاہیئے - نہ مذکر بعض الفاظ جو اسکے خلاف مستعمل ہو گئے
ہین مستثنیٰ سمجھے جائین - جیسا کہ خود اہل لکھنؤ بعض الفاظ کو جن کی مثالین راقم نے نیچے
لکھی ہین - بجائے جمع مذکر کے واحد مونث کہتے ہین اور مستثنیٰ بیان کرتے ہین مگر بعض
اصحاب دہلی کا اِدّعا کہ شعرائے دہلی مین سے کسی نے بھی جموع عربیہ کو جسکا واحد مونث
ہو کبھی مذکر استعمال نہین کیا یا تو سخن پروری کے طور پر ہے یا ندانستہ و بدانند
کہ بدانند کی وجہ سے اسلئے کہ جو حضرات صاف انکار کرتے ہین خود اُنکے کلام مین
اس قسم کے نظائر موجود ہین مولوی سید احمد صاحب نے اپنے فرہنگ مین کئی الفاظ
مثلاً کُتُب ، اقوام ، قُوٰی ، مہام ، (جمع مُہِم) وغیرہ کو مذکر لکھا ہے - غرض ان آئے
دن کے نِزاعات لفظیہ کا تصفیہ اور مُباحِث علمیہ کا خاتمہ یون کیا جا سکتا ہے
کہ اس قسم کی جموع (مکسّرہ وسَالِمہ) کو جن کا واحد مونث ہو مونث و مذکر دونون
طرح جائز کر لیا جائے - جیسا کہ شعرا و نثاران اردو کے کلام سے بخوبی ثابت
ہے - جن کا انکار بداہت ہے اسلئے کہ قواعد زبان کا انضباط محض رواج و
استعمال اہل زبان پر موقوف ہے یہ کسی طرح ممکن ہی نہین اور نہ کوئی خاص وجہ ہے
کہ جن الفاظ کو ایک بہت بڑا گروہ مونث کہتا ہے یا دوسری جماعت بغیر مذکر
استعمال کرنا پسند کرتی ہے کوئی خاص قواعد کی گشتی و قانون وضع کر کے خاص
و عام کو اُسکا پابند کیا جا سکے ، مندرجۂ ذیل الفاظ جو اگرچہ جمع ہین لیکن واحد مونث

مستعمل ہین:

(۱) سَلَاسِل (جمع سِلسِلہ) اسیرؔ بڑھ کے آئی ہے ادھر کاکل لیسلےٰ شاید
بچلے مجنون مین سَلَاسِل کبھی ایسی تو نہ تھی۔

(۲) قَوَاعِد (قاعدہ کی جمع) پریڈ کے معنی مین قدرؔ پلکین تری جھپک گئین جب
ہم نے آہ کی ✦ بولی یہ ہو رہی ہے قواعد سپاہ کی۔ ورنہ ضوابط کے معنون مین جمع مذکر
ہی مستعمل ہے۔ مثلاً زید نے صرف ونحو کے قواعد ازبر کر لئے ہین

(۳) خواص (جمع خاصہ کی) (زن مدخولہ اور پیش دست کے معنون مین) فقرہ نواب
صاحب کی ایک خواص بھی تھی۔
فقرہ - خواصین پنکھا جھلنے لگین ۔تاثیرات کے معنون مین اکثر جمع مذکر مثلاً حکیم برکات احمد
صاحب نے عنبہ کے خواص بیان کئے ہین۔ اور کبھی واحد مذکر ؔ ادھر مخلوق بیچ
خالق اُدھر اللہ سے واصل ✦ خواص اُس برزخ کبریٰ مین تھا حرف مُشدّد کا (لا اعلم)

(۴) رَعَایا (بالفتح صحیح ہے عوام کے زبان پر بکسر را کے مستعمل ہے) (رعیت کی جمع)
اخترؔ شاہ اودھ قبضہ ہے سب کا مملکت نظم وبیت پر ✦ بافیض بس رہی ہے
رَعایا جہان کی۔

(۵) تَرَاوِیح (ترویح کی جمع) فقرہ - آٹھ بجے تک تراویح ہو چکی تھی (برق حاطف)

(۶) اَوقات (وقت کی جمع) میرؔ یاد کر روؤن اُن کی کون سی بات ✦ کسطرح
کاٹون ہجر کی اوقات - زندگی - گذران - حالت وغیرہ معنون مین مونث ورنہ جمع مذکر
جیسے مین نے اپنے اوقات مقرر کر لیے ہین۔

(۷) اَولاد (وَلَد کی جمع) امیرؔ معنون سے پس مرگ مرا نام ہے زندہ ✦ کس کام کی
ہے کام جو اولاد نہ آئی۔
اخترؔ شاہ اودھ تمہاری نہ اولاد ہوئی مگر ✦ فقط یہ دعا ہو گئی کارگر۔

(۸) مَحَاسِن (حُسن کی جمع) ڈاڑھی موچھ کے معنی مین - فقرہ - محاسن ابھی نہین نکلی تھی - ورنہ خوبیون کے معنی مین جمع مذکر جیسے مین نے بھی آپکے محاسن سنے ہین

(۹) اَرْوَاح (روح کی جمع) نیت کے معنی مین جان صاحب ع - تیری ارواح سٹلائی مین پڑی رہتی ہے - مستورات جان کے معنی مین بھی واحد کہتی ہین - جب کسی مرے ہوے کا ذکر کرتی ہین تو کہتی ہین کہ ارواح اُدھر ہی رہے ہماری راے ناقص مین ان دو مواقع کے سوا جمع استعال کرنا صحیح ہے -

(۱۰) اَفْوَاہ (فوہ کی جمع) اڑی سی خبر - تسلیم ؎ وہ نہ آئین ہین اور نہ آئین گے ✤ یون ہی افواہ روز اڑتی ہے - جناب جلال نے مذکر لکھدیا ہے جو درست نہین -

(۱۱) فُتُوح (فتح بمعنی ظفر کی جمع) اس صورت مین وہی جمع مونث مستعمل ہے - فقرہ مسلمانون کی کئی فتوح ہوئین (تاریخ عرب مترجمہ سید مجتبیٰ احمد صاحب ٹونکی) اور بالائی آمدنی کے معنی مین واحد مونث -

صابر ؎ کیا اُمید فتوح ہو اس سے ✤ آپ مکسور لفظ ہے دل کا - اس صورت مین مصدر ہے مثل وصول، حصول، دخول، نزول، شعور - فتح کی جمع نہین -

(۱۲) اَفْلَاک (فلک کی جمع) سحر ع عنایت کی املاک ایک ایک کو -

(۱۳) اَسْنَاد (سند کی جمع) فقرہ - انھون نے حدیث کی بھی اسناد حاصل کی تھی - مکتوب مولانا غلام مرتضیٰ صاحب گوپاموی

انتباہ - جب اِن کو ملک اور سند کی جمع قرار دین سو رنہ افعال کے وزن کی صورت مین بحث ناظر فیہ سے متعلق نہین

(۱۴) مَوَاجِب (موجب کی جمع) بمعنی تنخواہ - فقرہ - معتمد کی مواجب زیادہ نہ تھی

(۱۵) مَنَاہِی (منہی کی جمع) فقرہ - اس بارے مین مناہی آئی ہے (شمس العلما نذیر احمد)

(۱۴) حُور (حَورا کی جمع) امیرؔ۔ صبح عزبت ہے کہ حور آغوش پھیلائے ہوے + شام غربت ہے کہ لیلیٰ زلف بکھرائے ہوئے۔

(۱۵) سوانح عمری۔ لائق عام طور پر واحد مونث کہتے ہین مگر راقم کی راے مین جمع مذکر درست ہے۔ کیونکہ سوانح جو سانحہ کی جمع ہے مونث کیون کر ہوسکتا ہے خواہ عمری بمعنی زندگی۔

الفاظ مندرجہ ذیل واحد مذکر مستعمل ہین

(۱) آفاق (جمع اُفق کی) علم ہیئت مین وہ مقام جہان آسمان زمین سے ملتا دکھائی دیتا ہے کنارے! چونکہ دنیا ان کنارون کے اندر واقع ہے اِسلیئے مجازًا دنیا جہان یا عالم کے معنی ہوگئے اوّل معنی مین جمع مذکر ہے مگر معنی دوم مین واحد مذکر مستعمل ہے

سوداؔ۔ ٹکڑے ہوے جگر کے آسدِ رہ بھلے کو + خوناب دل سے ورنہ آفاق ہو گیا تھا

(۲) آداب (اَدَب کی جمع) (۱) بمعنی سلام فقرہ۔ زید کو مین نے خط مین آداب لکھا ہی (۲) خط کے متعلق۔ ناصرؔ۔ وحشتِ دِل تھی مری طرزِ عبارت سے عیان + اگر القاب تھا نامے مین تو آداب و تھا۔ باقی معنون مین جمع ہی مستعمل ہے۔ جیسے قدیم بادشاہون کے آداب جدا تھے۔ (تاریخ عرب ترجمہ سید مجتبیٰ احمد صاحب ٹونکی)

(۳) القاب (لقب کی جمع) خط کے متعلق مثال کے لئے ناصرؔ کا شعر اوپر گزرا ہے

(۴) آثار (اَثر کی جمع۔ بمعنی نشان، علامات) عوام کی زبان پر واحد ہے۔ ورنہ جمع ہی فصیح ہے۔ جیسے بابل کے آثار اب تک کوفہ کے قریب پائے جاتے ہین۔

گو کہ سامان خاکساری ہین + پر سب آثار شہریاری ہین (تلق)

البتہ عرض دیوار کے معنی مین واحد مذکر ہی سُنا جاتا ہے مثلاً اس دیوار کا آثار کتنا رکھا ہے۔

(۵) اُخلاق (خلق کی جمع) اختر ؎ مل مل کے گلے سے کرگئی قتل + اطلاق نہ ہوئیگا چھری کا۔ راقم کے نزدیک جمع کا استعمال فصیح ہے۔

(۶) اَحوال (حال کی جمع) مصحفی ؎ بہار آئی خدا جانے کہ کیا گذری اسیرون پر + نہین معلوم کچھ اب کے برس احوال زندان کا۔

(۷) اَخبار (خبر کی جمع) بعض اصحاب اسکو بالکسر افعال کے وزن پر کہتے ہین۔ جو محض تکلف ہے۔

منیر ؎ بیکسی مین تو نہ تھے کاتب اعمال بھی ساتھ + کس نے اخبار لکھا عالم تنہائی کا۔

(۸) اَسباب (سبب کی جمع) صرف سامان کے معنی مین میر ؎ آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت + اسباب لٹا راہ مین یان ہر سفری کا۔ ورنہ جمع جیسے کچھ ایسے ہی اسباب ہوئے کہ مین جا نہ سکا۔

(۹) اَوصاف (جمع وصف) سودا ؎ کشف کا ہوا ہے یہ اوصاف اب + کہ جھینگون ئے کی سرخ کشاف اب + غلط ہے۔ جمع کا استعمال صحیح ہے۔ جیسے آپ کے اوصاف بیان فرمایئے۔

(۱۰) جِنان (جنت کی جمع) ناظم ؎ ہین وہ بلبل کہ گل اپنا ہے گلستان اپنا + حورین اپنی ہین جنان اپنا ہے رضوان اپنا۔ راقم کے عندیہ مین جمع کا استعمال درست ہے۔

(۱۱) اوزار (وزر کی جمع) واحد و جمع دونون مستعمل ہین۔ فقرہ - زبان ایسا اوزار ہے (نیرنگ خیال) مگر اصل مین یہ لفظ فارسی ہے عربی وزر کی جمع نہین ہے۔

(۱۲) اَسرار (سر کی جمع) بعض اصحاب واحد استعمال کرتے ہین۔ جیسے واللہ اعلم کیا اسرار ہے مگر غیر فصیح ہے۔

(۱۳) مَواد (مادہ کی جمع) مواد جمع کر لیا گیا ہے، اب لغت کی ترتیب شروع کر دی جاے گی۔

(۱۴) عَمَلَہ بہ فتحات ہے۔ مگر روزمرہ مین بسکون اوسط عامل کی جمع مثل طَلَبَہ۔ ورنہ اس معنی مین واحد جمع دونون طرح بولاجاتا ہے جیسے سارا عَمَلَہ ناراض ہورہا ہے۔ یہ کچہری کے عَمَلَہ فعلَہ اکثر کارروائیون کوخراب کردیتے ہین (مولانا نذیر احمد) مگر سامان کے معنی مین واحد ہی مستعمل ہے۔ جیسے مکان کا عَملہ سب بہہ گیا۔

(۱۵) مَشَام دراصل مَشَامم مشَم کی جمع۔ برق سے سوے عذار باصرہ چشم حور ہے + مشتاق ہے مشام ملک بوے یار کا۔

(۱۶) اَوْباش (بہ قاعدہ قلب بوش کی جمع) جیسے خالد بڑا اوباش ہے۔

(۱۷) اَشراف۔ شریف کی جمع ہے۔ جیسے زید نہایت اشراف ہے۔

(۱۸) اَوْلیا۔ ولی کی جمع۔ بعض بطور واحد کے استعمال کرتے ہین مگر غیر فصیح ہے۔

―――― ۱۰ ――――

انتباہ

فی الحال اسی قدر قواعد کا طبع کرانا مکتفی معلوم ہوا لہذا باقی وہ حصّہ جس مین انگریزی - سنسکرت - بھاکا وغیرہ زبانون کی تذکیر و تانیث کا فلسفہ اور قواعد درج ہین - آیندہ اڈیشن کے لیے رکھا گیا ہے بشرط قدردانی پبلک اوسوقت اسکا اضافہ کیا جائیگا۔ ع

اَبتو جاتے ہین تبکدے سے میر

پھر ملین گے اگر خدا لایا

صؔغر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باب الف ممدودہ

اَلِف - مذکر -
آب - پانی - مذکر -
آب - تیزی چمک - مونث ۱ہ
آبِ آتشین - شراب - مذکر
آبان - نام ماہ - مذکر -
آبجو - ندی - مونث -
آبِ حیوان - امرت - مذکر
آبدارخانہ - مذکر -
آبدان - مذکر -
آبدست - مذکر
آبرن - زیور - مذکر -
آبرو - مونث -
آبِ روان - نام پارچہ مذکر -

آبشار - مذکر ۲ہ
آبشورہ - مذکر
آبگیر - تالاب - مذکر -
آبگینہ - مذکر -
آبلہ - پھپولا - مذکر -
آبنائے - مونث
آبنوس - مذکر -
آبجُو - نیچہ - مونث -
آب و تاب - مونث
آب و دانہ - رزق - (واحد) مذکر
آب و غذا - مونث
آب و گل - مونث ۳ہ
آب و ہوا (واحد) مونث

آپ - مونث -
آپا - ہوش - مذکر -
آپا - خواہر کلان - مونث
اُپاسنا - مونث -
آپد - آفت - مونث -
آپ و تاپ - نفسی نفسی مونث -
آپ روپ - مذکر -
آپ کلج - مذکر -
آتش - مونث
آتش تر - شراب - مونث -
آتشک - نام مرض - مونث -
آتشکدہ - مذکر -

آتشگیر - چمٹا - مذکر -
آتما - روح - مونث -
آتون - معلمہ - مونث -
آٹا - آرد - مذکر -
آٹھم - مذکر -
آثار - علامات - مذکر -
آجام - جمع اجم - مذکر ۴ہ
آجکل - ٹالم ٹول - مونث -
آچار - بہر معنی - مذکر -
آخر - پچھلا - مذکر -
آخر - بمعنی گھانس - مونث
آخر - بمعنی اصطبل - مذکر -
آخرت - انجام - مونث
آخون - معلم - مذکر -

۱ہ مختلف فیہ ۱۲ ۲ہ مختلف فیہ ۱۲ ۳ہ مختلف فیہ ۱۲ ۴ہ مختلف فیہ ۱۲

آداب - مذکر -
آداب والقاب - مذکر -
آدر - عزت - مونث
آدم - ابوالبشر - مذکر
آدمی - مذکر -
آدمیّت - مونث
آدھار - مذکر -
آدہین - سہارا - مذکر
آدیش - اجازت - مذکر -
آدینہ - جمعہ - مذکر -
آڈیٹر - محاسب - مذکر
آذر - آگ - مونث -
آذر - نام ماہ - مذکر -
آذوقہ - روزی - مذکر -
آر - سونکی - مونث -
آرادہن - پرستش - مونث
آراکش - مذکر -
آرام - مذکر -
آرام جان - پاندان - مذکر
آرام دان - مذکر -
آرام گاہ - مونث -
آرائش - مونث -
آرٹ - انگریزی - مذکر -
آرٹیکل - مضمون - مذکر
آرجار - آمد رفت - مونث

آرد - آٹا - مذکر -
آرڈر - انگریزی - مذکر -
آرزو - امید - مونث
آرگن - انگریزی - مذکر
آروغ - ڈکار - مونث [۱]
آرمبھ - آغاز - مذکر -
آرنج - مذکر -
آڑ - مونث -
آڑبند - لنگوٹہ - مذکر -
آڑپاڑ - مونث -
آرگور - خاشاک - مذکر -
آڑو - شفتالو - مذکر -
آڑہت - مونث -
آز - حرص - مونث -
آزار - دکھ - مذکر -
آزمائش - مونث -
آزوقہ - روزی - مذکر -
آس - امید - مونث
آسا - امید - مونث
آساڑھ - نام ماہ - مذکر -
آسائش - مونث -
آستان - چوکھٹ - مذکر
آستانہ - مذکر -
آستین - مونث -
آسرباد - دعا - مونث [۳]

آسرم - مسکن - مذکر -
آسکت - مونث
آسمان - مذکر -
آسن - بہر معنی - مذکر [۲]
آسنی - چھوٹا بستر -
مذکر -
آسوج - نام ماہ - مذکر
آسیا - چکی - مونث
آسیب - بہر معنی -
مذکر -
آش - حریرا -
مونث -
آش جو (جمع)
مذکر -
آشرم - مسکن - مذکر -
آشوب - مذکر -
آشیان - آشیانہ
مذکر -
آشیانہ - مذکر -
آشیرباد - دعا -
مونث [۴]
آغاز - مذکر -
آغوش - مذکر [۵]
آغوں - سخن طفلان -
مونث [۶]

آفات - مونث [۷]
آفاق (واحد) مذکر -
آفت - مونث -
آفتاب - بہر معنی - مذکر
آفتابہ - مذکر -
آفرین - مونث -
آفرینش - مونث -
آفس - انگریزی - مذکر -
آکار - صورت - مذکر -
آکاس }
آکاش } آسمان - مذکر
آکسیجن - انگریزی - مونث
آکھر - مسکن شیر - مونث
آکھلاپن - مذکر -
آگ - آتش - مونث -
آگ - نام درخت - مذکر -
آگا - بہر معنی - مذکر -
آگبوٹ - انگریزی - مذکر
آگمن - صدور - مذکر -
آگیا - حکم - مونث -
آل - رنگ سرخ - مذکر -
آل - بہر معنی - مونث -
آلا - سراب - مذکر
آلا - مصطلاح گنجفہ -
مونث -

[۱] مختلف فیہ ۱۲ [۲] مختلف فیہ ۱۲ [۳] مختلف فیہ ۱۲ [۴] مختلف فیہ ۱۲ [۵] مختلف فیہ ۱۲ [۶] مختلف فیہ ۱۲ [۷] مختلف فیہ ۱۲

آلات۔ جمع آلہ۔ مذکر۔
آلام۔ مذکر۔
آلان۔ زنجیر فیل۔ مونث
آل اولاد۔ مونث۔
آلائش۔ مونث۔
آلت۔ آلہ تناسل مذکر
آلکس۔ سستی۔ مذکر۔
آلو۔ نام ترکاری۔ مذکر
آلوچہ۔ نام ترکاری۔ مذکر
آلہ۔ بہر معنی۔ مذکر
آلے بالے۔ مذکر۔
آم۔ انبہ۔ مذکر۔
آماج۔ نشانہ۔ مذکر۔
آماس۔ سوجن۔ مذکر۔
آمال۔ جمع امل۔ مذکر۔
آمد۔ بہر معنی۔ مونث۔
آمد آمد۔ مونث۔
آمد و رفت۔ مونث
آمد و شد۔ مونث۔
آمرزش۔ مونث۔
آمرس۔ شیرہ انبہ۔ مذکر
آملہ۔ آنولہ۔ مذکر۔
آمنا سامنا۔ مذکر
آموختہ۔ مذکر۔
آمیزش۔ مونث

آمین۔ مونث۔
آن۔ بہر معنی۔ مونث
آن بان۔ مونث۔
آن تان۔ مونث۔
آنت۔ روده۔ مونث
آنٹ۔ سراغ۔ مونث۔
آنٹ سانٹ۔ بہر معنی مونث
آنچ۔ شعلہ۔ مونث
آنچل۔ مذکر۔
آندو۔ نشان بہادری۔ مذکر۔
آنڈ۔ فوطہ۔ مذکر۔
آنڈو۔ سانڈ۔ مذکر۔
آنسو۔ اشک۔ مذکر
آنسو ڈھال۔ مونث۔
آنک۔ بہر معنی۔ مونث
آنکس۔ کجک فیل۔ مذکر
آنکھ۔ چشم۔ مونث
آنکھ مچول۔ مونث۔
آنگ۔ جسم۔ مذکر۔
آنگن۔ مذکر۔
آنند۔ سرور۔ مذکر
آنو۔ آنون۔ مونث۔
آنوال۔ ناف۔ مونث
آنون۔ آنو۔ مونث
آو بھگت۔ مونث۔

آواز۔ مونث۔
آوازہ۔ بہر معنی۔ مذکر۔
آواگون۔ تناسخ۔ مذکر
آورد۔ مونث۔
آوند۔ ظرف۔ مذکر۔
آوه۔ کوره۔ مذکر۔
آویزه۔ مذکر۔
آه۔ مونث۔
آہار۔ کلف۔ مذکر۔
آہار۔ طعام۔ مذکر۔
آہٹ۔ مونث۔
آہر۔ کلف۔ مذکر۔
آہر جاہر۔ آمدورفت۔ مونث
آہک۔ مذکر۔
آہن۔ مذکر۔
آہنگ۔ اراده۔ مذکر۔
آہنگ۔ صدا۔ مونث
آہو۔ ہرن۔ مذکر۔
آه دلگا۔ مونث۔
آیات۔ مونث۔
آیت۔ مونث۔
آیہ۔ آیت۔ مذکر۔
آئین۔ مذکر۔
آئینہ۔ مذکر۔

باب الف مقصوره

اَب۔ مذکر۔
اِبا۔ انکار۔ مذکر[1]
اَبابیل۔ پرستوک۔ مونث
اِباحت۔ مونث۔
اُبال۔ مذکر۔
اِبتدا۔ مونث۔
ابتذال۔ ہلکاپن۔ مذکر
اِبتلا۔ مونث۔
اِبتہاج۔ خوشی۔ مذکر۔
اُبٹن۔ غازه۔ مذکر۔
اُبٹنا۔ اُبٹن۔ مذکر۔
اَبجد۔ مونث۔
اَبد۔ مذکر۔
اِبداع۔ مذکر۔
اَبدال۔ مذکر۔
اِبدال۔ مذکر۔
اَبر۔ بادل۔ مذکر۔
اَبرار۔ مذکر۔
اِبراز۔ مذکر۔
اِبرام۔ مذکر۔
اَبرک۔ ابرق۔ مونث[2]
اَبرق۔ ابرک۔ مونث[3]
اَبر مرده۔ اسفنج۔ مذکر۔

[1] مختلف فیہ ۱۲
[2] مختلف فیہ ۱۲
[3] مختلف فیہ ۱۲

ابرن - زیور - مذکر -
ابرو - بھون - مذکر [1]
ابرہ - مذکر -
ابریشم - ریشم - مذکر -
ابریق - چھاگل - مذکر -
ابطال - مذکر -
ابعاد - مذکر -
ابلق - اسپ - مذکر -
ابلاغ - مذکر -
ابلیس - مذکر -
ابواب - مذکر -
ابھار - آماس - مذکر -
ابہام - مذکر -
ابھمان - غرور - مذکر -
ابھیاس - مشق - مذکر -
ابیر - مذکر -
اپاڑ - مذکر -
اپاس - روزہ - مذکر -
اپاو - تدبیر - مذکر -
اپائے - تدبیر - مذکر -
اپباد - بدنامی - مذکر -
اپج - بڑائی - مونث -
اپدیش - تعلیم - مذکر -
اپرادھ - جرم - مذکر -
اپریل - نام ماہ - مذکر -

اپما - مشابہت - مونث
اپپایت - مونث -
اپواد - بدنامی - مذکر -
اپواس - روزہ - مذکر -
اپیل - مذکر [2]
اتار - مذکر -
اتار چڑھاؤ - مذکر -
اتارن - اترن - مونث
اتاق - مذکر -
اتالیق - مذکر -
اتباع - تابعین - مذکر -
اتباع - تقلید - مذکر -
اتبیت - تولد - مونث -
اتحاد - مذکر -
اتحاف - مذکر -
اتر - شمال - مونث -
اتر - جواب - مذکر -
اترائن - شمالی - مذکر
اترن - مونث [3]
اترنگ - چوب در - مذکر
اتصال - مذکر
اتفاق - بہر معنی - مذکر -
اتفاقات - مذکر -
اتلاف - تلف کرنا - مذکر
اتمام - مذکر -

اتو - شکن جامہ - مذکر -
اتوار - یکشنبہ - مذکر -
اتہام - مذکر -
اتیہاس - تاریخ - مذکر -
اٹاچی - مذکر -
اٹال - انبار - مونث -
اٹ سٹ - مونث -
اٹک - روک - مونث -
اٹکاؤ - بہر معنی - مذکر -
اٹکل - قیاس - مونث -
اٹکن - الجھاؤ - مذکر -
اٹکن بٹکن - مذکر -
اٹم - انبار - مذکر -
اٹھان - مونث
اٹھ بیٹھ - مونث -
اٹیرن - بہر معنی - مذکر -
اثاث البیت - مذکر -
اثاثہ - مذکر -
اثبات - مذکر -
اثر - بہر معنی - مذکر -
اثقال - جمع ثقل - مذکر
اثمار - جمع ثمر - مذکر -
اثنا - مذکر -
اجابت - بہر معنی - مونث
اجارہ - مذکر

اجازت - مونث -
اجازہ - مذکر -
اجناس - مذکر -
اجاغ - دیگدان - مذکر
اجتماع - مذکر -
اجتناب - مذکر -
اجتہاد - مذکر -
اجداد - اسلاف - مذکر
اجر - مذکر -
اجرا - مذکر -
اجرام - مذکر -
اجرت - مونث -
اجساد - مذکر
اجسام - مذکر -
اجفان - مذکر -
اجگر - اژدہا - مذکر -
اجل - مونث -
اجلاس - مذکر -
اجلال - مذکر -
اجماع - مذکر -
اجمال - مذکر -
اجناس - مذکر -
اجمود - تخم کرفس - مذکر
اجوان } اجوائن } نانخواہ - مونث

[1] مختلف فیہ ۱۲
[2] مختلف فیہ ۱۲
[3] مختلف فیہ ۱۲

اجودھیا - نام شہر - مونث
اجورہ - مذکر -
اجھڑ - مذکر -
اجیرن - تخمہ - مذکر -
اچاپٹ - مونث -
اچار - مذکر -
اچار - تلفظ - مذکر -
اچپلاہٹ - بیقراری - مونث
اچرج - تعجب - مذکر -
اچکن - مونث -
اچل - غیر متحرک - مذکر -
اچمبھا - حیرت - مذکر -
اچھر - حرف - مذکر
اچھل کود - مونث
اچھو - ٹھسکہ - مذکر -
احاطہ - مذکر -
احباب - مذکر -
احتباس - مذکر -
احتراز - مذکر -
احتراق - مذکر -
احترام - مذکر -
احتساب - مذکر -
احتشام - مذکر
احتضار - مذکر -
احتقان - مذکر -

احتلام - مذکر -
احتمال - مذکر -
احتیاج - حاجت - مونث
احتیاط - مونث -
احراق - مذکر -
احرام - مذکر -
احساس - مذکر -
احسان - مذکر -
احسنت - مونث -
احسن القصص - مذکر -
احکام (واحد) مذکر -
احوال (واحد) مذکر -
احیا - مذکر -
اخبار - نیوس پیپر - مذکر -
اخبار - جمع خبر - مونث
اخبار - خبر کرنا - مذکر -
اختتام - مذکر -
اختر - ستارہ - مذکر -
اختراع - مذکر -
اختصار - مذکر -
اختصاص - مذکر -
اختلاج - مذکر -
اختلاط - مذکر -
اختلاف - مذکر -

اختلال - مذکر -
اختیار - مذکر -
اخذ - مذکر -
اخراج - مذکر -
اخروٹ - مذکر -
اخفا - مذکر -
اخگر - شرارہ - مذکر -
اخلاص - مذکر -
اخلاف - مذکر -
اخلاق - مذکر -
اخوان - مذکر -
ادا - بہر معنی - مونث -
اداہٹ - مونث -
ادب - بہر معنی - مذکر
ادبار - مذکر -
ادخال - مذکر
ادرار - نام مرض - مذکر -
ادرک - زنجبیل تر - مونث
ادراک - مذکر -
ادغام - مذکر -
ادقچہ - مذکر -
ادل بدل - تغیر تبدل - مذکر -
ادمات - مذکر -
ادماد - مذکر -
ادوان - ادوائن - مونث

ادوائن - چوب پلنگ - مونث
ادھار - نسیہ - مذکر -
ادھکار - قدرت - مذکر -
ادہم - مار سیاہ - مذکر -
ادھم - مذکر -
ادھن - مذکر -
ادھیڑ - مونث -
ادھیڑپن - مونث -
ادیان - مذکر -
ادیم - مذکر -
اذان - بانگ نماز - مونث
اذعان - مذکر -
اذن - اجازت - مذکر -
اذہان - مذکر -
اذیت - مونث -
ارابہ - مذکر -
ارادت - مونث -
ارادہ - قصد - مذکر -
اراروٹ - نام غلہ - مذکر -
ارباب - مذکر -
اربجہ - اصطلاح علم حساب - مذکر -
اربعین - مذکر -
ارپن - نذر - مذکر -
ارتباط - مذکر -
ارتحال - رحلت - مذکر -

ارتسام ۔ مذکر ۔
ارتفاع ۔ مذکر ۔
ارتعاش ۔ مذکر ۔
ارتکاب ۔ مذکر ۔
ارتھ ۔ بہر معنی ۔ مذکر ۔
ارث ۔ موئنث ۔
ارجل ۔ جمع رجل ۔ مذکر
اردب ۔ مذکر ۔
اردو ۔ بمعنی زبان ۔ موئنث
اردو ۔ بمعنی لشکر ۔ مذکر ۔
ارزن ۔ نام غلہ ۔ مذکر ۔
ارژنگ ۔ مذکر ۔
ارسال ۔ زر تحصیل موئنث
ارسال ۔ فرستادن ۔ مذکر ۔
ارش ۔ مذکر ۔
ارشاد ۔ مذکر ۔
ارض ۔ موئنث ۔
ارغن ۔ مذکر ۔
ارغنون ۔ مذکر ۔
ارغوان ۔ مذکر ۔
ارقم ۔ مذکر ۔
ارکان ۔ مذکر ۔
ارگن ۔ ارغنون ۔ مذکر ۔
ارم ۔ مذکر ۔
ارمان ۔ تمنا ۔ مذکر ۔

ارمغان ۔ مذکر ۔
ارمن ۔ مذکر ۔
ارنڈ ۔ بید انجیر ۔ مذکر
اروح بنیت ۔ موئنث
ارواح ۔ جمع روح ۔ موئنث
ارہ ۔ نام آلہ ۔ مذکر ۔
ارہر ۔ نام غلہ ۔ موئنث
اریب ۔ موئنث ۔
اڑ ۔ اصرار ۔ موئنث
اڑان ۔ پرواز ۔ موئنث
اڑتڑ ۔ موئنث ۔
اڑبرنگ ۔ مذکر ۔
اڑواڑ ۔ موئنث
اڑوس پڑوس ۔ مذکر ۔
اڈھیا ۔ موئنث ۔
ازار ۔ موئنث
ازاربند ۔ مذکر
ازالہ ۔ مذکر ۔
ازدواج ۔ مذکر ۔
ازدیاد ۔ مذکر ۔
ازدہات ۔ موئنث
ازل ۔ مذکر
ازمان ۔ مذکر ۔
ازواج ۔ موئنث
ازدحام ۔ انبوہ ۔ مذکر

اژدر ۔ اژدہا ۔ مذکر ۔
اساس ۔ بنیاد ۔ موئنث
اساغل ۔ مذکر ۔
اسائنڈ ۔ موئنث
اسباب (واحد جمع) مذکر
اسپ ۔ مذکر ۔
اسپات ۔ فولاد ۔ مذکر ۔
اسپتال ۔ مذکر ۔
اسپغول ۔ مذکر ۔
اسپند ۔ مذکر ۔
اسپنج ۔ موئنث
اسنت ۔ غروب ۔ مذکر ۔
استاد ۔ موئنث ۔
استبداد ۔ موئنث ۔
استبرق ۔ مذکر ۔
استثنٰی ۔ رح ۔ مذکر ۔
استحصار ۔ مذکر
استحالہ ۔ مذکر ۔
استحسان ۔ مذکر ۔
استحقاق ۔ مذکر ۔
استحکام ۔ مذکر ۔
استخارہ ۔ مذکر ۔
استخراج ۔ مذکر ۔
استخوان ۔ ہڈی ۔ مذکر ۔
استدراج ۔ مذکر ۔

استدعا ۔ موئنث ۔
استدلال ۔ مذکر ۔
استر ۔ مذکر ۔
استراحت ۔ موئنث ۔
استرضا ۔ مذکر ۔
استرہ ۔ مذکر ۔
استسناد ۔ مذکر ۔
استصواب ۔ مذکر ۔
استطاعت ۔ موئنث ۔
استعارہ ۔ مذکر ۔
استعانت ۔ موئنث ۔
استعجاب ۔ مذکر ۔
استعجال ۔ مذکر ۔
استعداد ۔ موئنث ۔
استعمال ۔ مذکر ۔
استغاثہ ۔ مذکر ۔
استغراق ۔ مذکر ۔
استغفار ۔ موئنث ۔
استغنا ۔ موئنث ۔
استفادہ ۔ مذکر ۔
استفاضہ ۔ مذکر ۔
استفراغ ۔ مذکر ۔
استفسار ۔ مذکر ۔
استفہام ۔ مذکر ۔
استقامت ۔ موئنث

استقبال - مذکر۔
استقرا - مذکر۔
استقلال - مذکر۔
استکراہ - مذکر۔
استکمال - مذکر۔
استلام - مذکر۔
استمداد - مونث۔
استماع - مذکر۔
استمالت - مونث۔
استمزاج - مذکر۔
استمتاد - مذکر۔[1]
استنباط - مذکر۔
استنبول - مذکر۔
استھان - مقام - مذکر۔
استہزا - مذکر۔
استیصال - مذکر۔
اسٹاف - انگریزی - مذکر
اشمام - مذکر۔
اسٹیٹ - انگریزی - مونث
اسٹیج - انگریزی - مذکر۔
اسٹیشن - انگریزی - مذکر
اسٹیمر - انگریزی - مذکر۔
اسد - مذکر۔
اسرار - آسیب - مذکر۔
اسراف - مذکر۔

اسرافیل - مذکر۔
اسفنج - مذکر۔
اسقاط - مذکر۔
اسکول - مذکر۔
اسکند - مذکر۔
اسلاف - مذکر۔
اسلام - مذکر۔
اسلوب - مذکر۔
اسم - بمعنی - مذکر۔
اسم اعظم - مذکر۔
اسناد نسبت دینا - مونث
اسناد - جمع سند - مونث۔
اسنان - غسل - مذکر۔
اسہال - مذکر۔
اسیرباد - دعا - مونث
اشارہ - بمعنی - مذکر۔
اشارات - جمع اشارہ - مذکر
اشارات - نام کتاب - مونث
اشاعت - مونث۔
اشباع - مذکر۔
اشباہ - مذکر۔
اشتباہ - مذکر۔
اشتداد - مذکر۔
اشتر - مذکر۔
اشتراک - مذکر۔

اشتعال - مذکر۔
اشتعالک - مونث۔
اشتغال - مذکر۔
اشتقاق - مذکر۔
اشتمال - مذکر۔
اشتمام - مذکر۔
اشتہا - مونث
اشتہار - مذکر۔
اشتیاق - مذکر۔
اشجار - مذکر۔
اشراق - مذکر۔
اشعار - مذکر۔
اشفاق - مذکر۔
اشک - آنسو - مذکر۔
اشکال - مذکر۔
اشلک - مونث۔
اشلوک - نظم - مذکر۔
اشلیکھا - نام کچھے از منازل قمر - مذکر
اشنان - غسل - مذکر۔
اشواق - مذکر۔
اصالت - مونث
اصرار - مذکر۔
اصراف - مذکر۔
اصطباغ - مذکر۔
اصطبل - مذکر۔

اصطرلاب - مذکر۔
اصطلاح - مونث۔
اصفہان - مذکر۔
اصل - مونث۔
اصلاح - درست کردن - مونث
اصل الاصول - مذکر۔
اصل السوس - مونث۔
اصلیت - مونث۔
اصناف - مونث۔[2]
اصنام - مذکر۔
اصول - مذکر۔
اضافت - مونث۔
اضافہ - مذکر۔
اضداد - مونث۔
اضطراب - مذکر۔
اضطرار - مذکر۔
اضعاف - مذکر۔
اضلاع - مذکر۔
اضمحلال - مذکر۔
اطاعت - مونث۔
اطباء - جمع طبیب - مذکر
اطراف - مذکر۔
اطریفل - مذکر۔
اطفال - مذکر۔
اطلاع - مونث۔

[1] تلفظ نمبر ۱۲
[2] تلفظ نمبر ۱۲

اطلاق - مذکر۔
اطلس - مونث [1]
اطمینان - مذکر۔
اطوار - مذکر۔
اظلال - مذکر۔
اظہار - مذکر۔
اعادہ - مذکر۔
اعانت - مونث۔
اعتبار - مذکر۔
اعتدال - مذکر۔
اعتراض - مذکر
اعتراف - مذکر۔
اعتقاد - مذکر
اعتکاف - مذکر۔
اعتماد - مذکر۔
اعتنا - مونث
اعجاز - مذکر۔
اعداد - مذکر۔
اعراب - مذکر۔
اعراف - مذکر۔
اعراض - جمع عرض - مذکر۔
اعزاز - مذکر۔
اعلام - مذکر
اعلان - مذکر۔
اعمال - مذکر۔

اعماق - مونث۔
اعوان - مذکر۔
اعیاد - مونث۔
اعیان - مذکر۔
اغراض - مذکر۔
اغراق - مبالغہ - مذکر۔
اغلاق - مذکر۔
اغلال - مذکر
اغلام - مذکر
اغماز - مذکر
اغماض - مذکر
اغوا - مذکر۔
اف - افسوس - مونث۔ [2]
افادہ - مذکر۔
افاقہ - مذکر۔
افتاد - مونث۔
افتتاح - مذکر۔
افتخار - مذکر۔
افترا - مذکر۔
افتراق - مذکر۔
افتیمون - نام دوای - مذکر
افراد - مونث۔
افراط - مونث
افزائش - مونث۔
افزون - مونث۔

افسانہ - قصہ - مذکر۔
افسر - تاج - مذکر۔
افسوس - مذکر۔
افسون - منتر - مذکر۔
افشا - مذکر۔
افشان - مونث۔
افشرہ - مذکر۔
افضال - مذکر۔
افطار - مذکر۔
افعال - مذکر۔
افعی - مذکر - [3]
افغان - فغان - مونث
افق - مذکر۔
افکار - مذکر۔ ٭
افلاس - مذکر۔
افلاک - مذکر۔
افواج - مونث
افواہ - مونث [4]
افہام - مذکر۔
افیم - افیون - مونث۔
افیون - افیم - مونث
اقالیم - مونث۔
اقامت - مونث
اقبال - بہرمعنی - مذکر۔
اقتباس - مذکر۔

اقتدا - مونث۔
اقتدار - مذکر۔
اقداح - مذکر۔
اقدام - مذکر۔
اقرار - مذکر۔
اقسام - مونث۔
اقطاع - جمع قطعہ - مذکر۔
اقلام - مذکر
اقلیم - مونث
اقوال - مذکر۔
اقوام - مونث
اکباد - مذکر۔
اکنت - مونث۔
اکتساب - مذکر۔
اکتفا - مونث [5]
اکرام - مذکر۔
اکراہ - مذکر
اکڑ - [illegible] - مونث۔
اکتوبر - نام ماہ - مذکر۔
اکسیر - کیمیا - مونث۔
اکل - مذکر۔
اکل حلال - مذکر
اکل و شرب - مذکر
اکلیل - تاج - مذکر۔
اکمال - مذکر۔

[1] مختلف فیہ ۱۲ [2] مختلف فیہ ۱۲ [3] مختلف فیہ ۱۲ [4] مختلف فیہ ۱۲ [5] مختلف فیہ ۱۲ ٭ مختلف فیہ ۱۲

اَکناف ۔ مذکر ۔	اِلتجا ۔ آرزو ۔ مونث ۔	اَلف بے ۔ مونث ۔	اَمانت ۔ مونث ۔
اَکنا بجنٹ ۔ مونث ۔	اِلتزام ۔ مذکر ۔	اُلفت ۔ دوستی ۔ مونث ۔	اُمنت ۔ مونث
اکھاڑ پچھاڑ ۔ مونث ۔	اِلتفات ۔ مذکر ۔[1]	اَلقاب (واحد) مذکر ۔	اِمتثال ۔ مذکر ۔
اُگال ۔ مذکر ۔	اِلتماس ۔ مونث[3]	اِلکشن ۔ انتخاب ۔ مذکر ۔	اِمتحان ۔ مذکر ۔
اُگالدان ۔ تف دان ۔ مذکر	اِلتہاب ۔ مذکر ۔	اَلم ۔ رنج ۔ مذکر ۔	اِمتداد ۔ درازی ۔ مذکر ۔
اگر ۔ مذکر ۔	اِلتیام ۔ مذکر ۔	اَلماس ۔ مذکر ۔	اِمتزاج ۔ مذکر ۔
اگردان ۔ مذکر ۔	اُلٹ پلٹ ۔ مونث ۔	اَلَم غلَم ۔ بیہودہ گوئی ۔ مذکر	اِملا ۔ مونث ۔[5]
اگرسوز ۔ مذکر ۔	اُلٹ پھیر ۔ مذکر ۔	اَلنگ ۔ مونث ۔	اِمتناع ۔ مذکر ۔
اگرگر ۔ مونث ۔	اُلجھاؤ ۔ مذکر ۔	اُلو ۔ بوم ۔ مذکر ۔	اِمتنان ۔ مذکر ۔
اگن ۔ آتش ۔ مونث ۔	اُلجھن ۔ بہر معنی ۔ مونث	اَلواح ۔ مذکر	اِمتیاز ۔ مذکر ۔
اگن ۔ نام پرند ۔ مذکر ۔	اِلحاح ۔ مونث ۔	اَلوان ۔ مذکر ۔	اَمثال ۔ مثل کی جمع ۔ مونث
اگن بان ۔ تیر ہوائی ۔ مذکر	اِلحاد ۔ مذکر ۔	اَلوپ انجن ۔ مذکر ۔	اَمثال ۔ مثل کی جمع ۔ مذکر
اگن باو ۔ آتشک ۔ مونث	اِلحاق ۔ مذکر ۔	اَلوداع ۔ مونث ۔	اَمچور ۔ تراشہ انبہ ۔ مذکر ۔
اگن بوٹ ۔ مذکر ۔	اِلحان ۔ مذکر[4]	اَللہ ۔ مذکر ۔	اِمداد ۔ مونث ۔
اگھن ۔ نام ماہ ۔ مذکر ۔	اَلحمد ۔ مونث ۔	اِلہام ۔ مذکر ۔	اَمر ۔ کام ۔ مذکر ۔
اِگیا بیتال ۔ مذکر ۔	اَلخالق ۔ مونث ۔	اَلہیا ۔ نام راگ ۔ مونث	اَمرت ۔ بہر معنی ۔ مذکر
الاپ ۔ مونث[1]	اِلزام ۔ مذکر ۔	اَلیل ۔ مونث ۔	اَمرس ۔ مذکر ۔
الاچی دانہ ۔ مذکر ۔	اَلسیٹ ۔ فریب ۔ مونث	اِمارت ۔ مونث ۔	اَمرود ۔ مذکر ۔
اُلاغ ۔ مذکر ۔	اَلسیٹھ ۔ فریب ۔ مونث	اُم الصبیان ۔ مونث ۔	اِمروز فردا ۔ مونث
الاؤ ۔ مذکر ۔	اُلش ۔ پس خوردہ ۔ مذکر	اُم الکتاب ۔ مونث ۔	اُنس ۔ مونث ۔
الاونس ۔ انگریزی ۔ مذکر	اِلصاق ۔ مذکر ۔	اماکن ۔ مذکر	اِمساک ۔ مذکر ۔
البرز ۔ مذکر ۔	اَلطاف ۔ مذکر	امالہ ۔ مذکر ۔	اِمعان ۔ مذکر ۔
البم ۔ انگریزی ۔ مذکر ۔	اَلعبد ۔ مذکر	امام ۔ بہر معنی ۔ مذکر ۔	اِمکان ۔ مذکر ۔
الپین ۔ مونث ۔	اَلغیاث ۔ مونث ۔	اِمامتا ۔ مونث	اَمل ۔ امید ۔ مونث ۔
اِلتباس ۔ شبہہ ۔ مذکر ۔	اَلفاظ ۔ مذکر ۔	امان ۔ مونث ۔	اِملا ۔ مذکر ۔[5]

[1] تلفظ ۱۲ [2] ... [3] تلفظ ۱۲ [4] تلفظ ۱۲ [5] تلفظ ۱۲

اِطلاک - مونث -
اَطناس غبار سبز - مذکر
اُمَم - مونث
اَمن - مذکر
اُمنگ - مونث
اَمواج - مونث
اَموال - مذکر -
اُمور - جمع امر - مذکر -
اُمید - آس - مونث
اَناج - غلہ - مذکر
انا ورز - استخفاف - مذکر -
انار - بہر معنی - مذکر -
اناس - مذکر -
انانیت - غرور - مونث
انامل - مذکر -
انبار - بہر معنی - مذکر
انبساط - مونث
ان بن - مونث -
انبوہ - مذکر -
انبہ - مذکر -
انبیا - مونث -
ان بان - بہر معنی - مذکر -
انت - انجام - مذکر -
انتباہ - اطلاع - مذکر -
انتخاب - مذکر -

اِنتزاع - مذکر -
اِنتساب - مذکر -
اِنتشار - مذکر -
اِنتظار - مذکر -
اِنتظام - مذکر -
اِنتعاش - مذکر -
اِنتفاع - مذکر -
اِنتقال - مذکر -
اِنتقام - مذکر -
اِنتہام - مذکر -
اِنتہا - بہر معنی - مونث -
اِنتہاب - مذکر -
اِنجاح - مذکر -
اَنجام - بہر معنی - مذکر -
اُنجل - اکل و شرب - مذکر -
اَنجُم - مذکر -
اَنجمن - مونث -
اَنجن - کھل - مذکر -
اَنجن - مذکر -
اَنجیر - تین - مذکر
اِنجیل - مونث -
اِنچ - انگریزی - مذکر -
اُنچاہٹ - بلندی - مونث
اَنچل - کنارہ - مذکر -
اَنچھر - مذکر -

اِنحراف - مذکر -
اِنحصار - مذکر -
اِنحطاط - مذکر -
اَنداز - طرز - مذکر -
اندازہ - مذکر -
اَندام - بدن - مذکر -
اِندراج - مذکر -
اِندراس - مذکر -
اِندرائن - حنظل - مذکر -
اِندرجو - لسان العصافیر
مذکر -
اِندمال - مذکر
اَندوختہ - مذکر -
اَندوہ - مذکر -
اَندھا دھند - مذکر -
اَندھیر - بہر معنی - مذکر -
اَندیشہ - فکر - مذکر -
اِنزال - مذکر -
اِنزجار - مذکر -
اُنس - دوستی - مذکر -
اَنس - قوت - مذکر -
اِنسان - مذکر -
اِنسانیت - مونث -
اِنسداد - مذکر -

اِنشا - مونث -
اِنشراح - مذکر -
اِنشقاق - مذکر -
اِنصاف - عدل - مذکر
اِنصباب - مذکر -
اِنصرام - مذکر -
اِنضباط - مذکر -
اِنضمام - مذکر -
اِنطباع - مذکر -
اِنعامات - مذکر -
اِنعام - مذکر -
اِنعقاد - مذکر
اِنعکاس - مذکر -
اَنفاس - مذکر -
اِنفاق - مذکر -
اِنفراغ - مذکر -
اِنفصال - مذکر -
اِنفعال - مذکر -
اِنفکاک - مذکر -
اِنفلوئنزا - مذکر -
اِنقباض - مذکر -
اِنقراض - دام گرفتن - مذکر
اِنقسام - مذکر -
اِنقطاع - مذکر -
اِنقلاب - مذکر -

